آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ Daily SHAL شال کوئٹہ

www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز منگل 20 اکتوبر 2020ء بمطابق 02 ربیع الاول 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 284

بلوچستان صرف پشتونخوامیپ بی این پی نیشنل پارٹی کا نہیں ہے

وزیراعلیٰ بلوچستان

یہاں دھرتی کے سپوت زندہ ہیں اور اپنی قبائلی وسیاسی نمائندگی کررہے ہیں بلوچستان عوامی پارٹی، اے این پی، بی این پی (عوامی)، جمہوری وطن پارٹی، ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کی اتحادی حکومت کے پاس اسمبلی میں 40 نشستوں پر نمائندگی ہے

نام نہاد قوم پرستوں نے کبھی جعلی ڈومیسائل منسوخ کرنے کی زحمت نہیں کی موجودہ حکومت نے یہ اہم اقدام کیا، بلوچستان حکومت نے صوبے کی زمین کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے قانون سازی کی الحمدللہ آج بلوچستان کے ساحل وسائل ماضی کی نسبت محفوظ ہیں

مسٹر باپ آپ اپنے ماں باپوں اور اسی طرح خوش رکھتے ہیں بلوچستان انکا ہے جنہوں نے اسکے لئے اپنی زندگی، خون، بچوں کی قربانی دی ہے نہ کہ انکا جنہوں نے ہمیشہ بلوچستان کو فروخت، سردار اختر مینگل

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کہا ہے کہ بلوچستان صرف پشتونخوا، میپ، بی این پی (مینگل) نیشنل پارٹی نہیں ہے یہاں دھرتی کے سپوت زندہ ہیں اور اپنی قبائلی وسیاسی نمائندگی کررہے ہیں بلوچستان عوامی پارٹی، اے این پی، بی این پی (عوامی)، جمہوری وطن پارٹی، ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کی اتحادی حکومت کے پاس اسمبلی میں 40 نشستوں پر نمائندگی ہے جبکہ بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار اختر مینگل کا کہنا ہے کہ مسٹر باپ آپ اپنے ماں باپوں اور اسی طرح خوش رکھتے ہیں بلوچستان انکا ہے جنہوں نے اسکے لئے اپنی زندگی، خون، بچوں کی قربانی دی

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	5:45
ظہر	1:45
عصر	5:25
مغرب	6:20
عشاء	07:15

اہل تشیع

فجر	05:00
ظہر	01:00
مغرب	07:27

اسلام آباد وزیراعظم عمران خان تقریب سے خطاب کررہے ہیں

گوادر میں 12450 ایکڑ سرکاری اراضی سرکار کے حق میں تسلیم، فیصلہ سنادیا

ہائی وسپریم کورٹ کے فیصلہ جات، ریونیو کے قوانین وقواعد سمیت لینڈ لیز پالیسی 2000 کی روشنی میں تاریخی فیصلہ سنادیا بورڈ آف ریونیو کے دو ممبران خلیق نظر کیانی، راشد کمال الرحمن پر مشتمل تھا

1990 کی دہائی میں حکومت بلوچستان کی 12450 ایکڑ اراضی میں سے سرکاری اراضی 9459 ایکڑ ڈیپ سی پورٹ کو ملنا لگانے کے لئے مختص کردیا جبکہ جولائی 1993 میں محکمہ جنگلات کو 4040 ایکڑ شجرکاری کے لئے لیز پر سینئر ایم بی آر عبدالحکیم بلوچ نے الاٹ کی

اس موقع پر فریقین کے وکلاء، حکومت بلوچستان کے اسسٹنٹ ایڈوکیٹ جنرل ظہور احمد بلوچ، ڈیپ سی پورٹ GPA گوادر پورٹ اتھارٹی کی جانب سے امان اللہ کنرانی اور پرائیویٹ پارٹیز کی جانب سے عدنان بشارت ایڈوکیٹ بھی موجود تھے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے بورڈ آف ریونیو نے بیر 19 اکتوبر 2020 کو گوادر میں سمندر کے کنارے موضع جونی آکڑہ میں 12450 ایکڑ سرکاری اراضی کی بابت 1995 سے جاری عدالتی کاروائیوں کے تسلسل میں دو الگ الگ فیصلوں کے ذریعے ریاست کی 3 سو ارب روپے سے زائد مالیت کی زمینوں کا فیصلہ سنا کر ان زمینوں پر سرکار کے حق کو تسلیم کرتے ہوئے ہائی و سپریم کورٹ کے فیصلہ جات، ریونیو کے قوانین وقواعد سمیت لینڈ لیز پالیسی 2000 کی روشنی میں تاریخی فیصلہ سنادیا بورڈ آف ریونیو کے دو ممبران خلیق نظر کیانی، راشد کمال الرحمن پر مشتمل تھا جنہوں نے سینئر ممبر بورڈ ریونیو قمر مسعود کے دو الگ الگ فیصلوں محررہ 4، 3، 2016 اور 2020.7.9 کو اس وقت کے اپنی کمشنر بلکنٹر کوہر خلیل بلوچ نے ایڈوکیٹ جنرل امان اللہ کنرانی کے ذریعے

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

اسلام آباد وزیرخارجہ شاہ محمود قریشی سے حزب اسلامی افغانستان کے سربراہ گلبدین حکمت یار ملاقات کررہے ہیں

اپوزیشن کو کھلا نہیں چھوڑا جاسکتا، کوئٹہ کے جلسے کے بعد ہم بھی کچھ کریں گے، شیخ رشید

اس میں شک نہیں کہ بہت مہنگائی ہے، ایک سیٹ کا وزیر ہوں مگر عمران خان میری بات سنتا ہے

مولانا صاحب کہتے ہیں نئے الیکشن کرائے جائیں، بلاول بھٹو کہتے ہیں قومی حکومت بنائی جائے، وفاقی وزیر

راولپنڈی (این این آئی) وفاقی وزیر برائے ریلوے شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ اپوزیشن کے کوئٹہ کے جلسے کے بعد ہم بھی کچھ کریں گے، اپوزیشن کو یوں کھلا نہیں چھوڑا جاسکتا، مولانا صاحب کہتے ہیں نئے الیکشن کرائے جائیں، بلاول بھٹو کہتے ہیں قومی حکومت بنائی جائے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شیخ رشید نے کہا کہ بیرونی دباؤ کے ساتھ پاکستان کے اندر بھی طاقتور پیدا کیا جارہا ہے، سینیٹ کے انتخابات میں پی ٹی آئی نمایاں کامیابی حاصل کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ اس میں

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

بھول جائیں کیپٹن (ر) صفدر کو کس نے گرفتار کیا ان کا جرم دیکھا جائے، شبلی فراز

فضل الرحمان جس اسمبلی کو جعلی کہتے ہیں اسی سے صدر بننے کی کوشش کی، وزیر اطلاعات

پشاور (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات سینیٹر شبلی فراز نے کہا ہے کہ کیپٹن (ر) صفدر کو کس نے گرفتار کیا اسے بھول جائیں، ان کا جرم دیکھا جائے۔ پشاور میں صوبائی وزیر شوکت یوسفزئی کے ہمراہ پریس کانفرنس کے دوران شبلی فراز نے مولانا فضل

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

وزیراعظم عمران خان بدعنوان رہنماؤں کو این آر او نہیں دینگے، فواد چوہدری

سندھ حکومت کو کھربوں فراہم کرنے کے باوجود کوئی مثبت تبدیلی دیکھنے کو نہیں ملی، وفاقی وزیر

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر سائنس وٹیکنالوجی چوہدری فواد حسین نے پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کے جلسے کیلئے سرکاری وسائل استعمال کرنے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ وزیراعظم عمران خان بدعنوان رہنماؤں کو این آر او نہیں دینگے۔ ایک انٹرویو

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

صوبائی بیوروکریسی میں تقرریاں وتبادلے جاری سیکرٹری صحت دوستین جمالدینی کو محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی رپورٹ کرنے کی ہدایت

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی بیوروکریسی میں تقرریاں وتبادلے جاری سیکرٹری صحت دوستین جمالدینی کو محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی رپورٹ کرنے کی ہدایت۔ حکومت بلوچستان کے اعلامیے کے مطابق سیکرٹری صحت دوستین خان جمالدینی کو ایس اینڈ جی اے ڈی میں رپورٹ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے جبکہ سیکرٹری خزانہ

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

سڑیا محمد رند کا دورہ، چمن غیر حاضری اور اسکول دیر سے آنے پر 3 اساتذہ معطل

عمران خان کو پاکستان کے کروڑوں عوام نے ووٹ دیا ہے جب آصف زرداری اور میاں نواز شریف اپنی آئینی مدت پوری کرسکتی ہیں، صوبائی وزیر تعلیم

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر تعلیم بلوچستان سردار یار محمد رند کا پیر کے روز قلعہ عبداللہ کے مختلف اسکولوں کا اچانک دورہ، غیر حاضری اور اسکول دیر سے آنے پر 3 اساتذہ کو معطل کردیا۔ گزشتہ روز صوبائی وزیر تعلیم سردار یار محمد رند سیکرٹری کالجز ہاشم خان غلزئی، سیکرٹری سیکنڈری

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

ہرنائی کے علاقہ کچیہ ہزارہ ڈم میں ٹریکٹر ٹرالی الٹنے سے ڈرائیور جاں بحق

ہرنائی (این این آئی) ہرنائی کے علاقہ کچیہ ہزارہ ڈم میں ٹریکٹر ٹرالی الٹنے سے ٹریکٹر ڈرائیور موقع پر جاں

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

برقی لائنوں کی مرمت کے سلسلے میں بجلی بند رہے گی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیے کے مطابق برقی تنصیبات کی

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

ایم ایس سول ہسپتال کوئٹہ ڈاکٹر جاوید اختر نے شوگر اور اینڈوکرائنولوجی کی او پی ڈی کا افتتاح کیا

کوئٹہ (آن لائن) ایم ایس سول ہسپتال کوئٹہ ڈاکٹر جاوید اختر نے شوگر اور اینڈوکرائنولوجی کی او پی ڈی کا

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج سہ پہر چار بجے ہوگا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج سہ پہر چار بجے ہوگا، اجلاس میں محکمہ داخلہ، پی ڈی

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

مریم نواز سندھ پولیس آپ کے حلیف بلاول بھٹو زرداری کے کنٹرول اور براہ راست کنٹرول میں ہے، شہزاد اکبر

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے احتساب وداخلہ میجر سٹر شہزاد اکبر نے کیپٹن (ر)

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

اداروں کے خلاف مریم کا بیانیہ جلسوں کی طرح بری طرح ناکام ہوگیا، عثمان ڈار

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے معاون خصوصی عثمان ڈار نے مریم نواز کی تقریر پر ردعمل کا اظہار

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

حفیظ شیخ کی زیر صدارت اجلاس، ای سی سی نے گندم کی امدادی قیمت کا مزید جائزہ لینے کیلئے کمیٹی بنادی

اسلام آباد (این این آئی) مشیر خزانہ عبدالحفیظ شیخ کی زیر صدارت اجلاس میں ای سی سی نے گندم کی

بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

حکومت جان لے، جتنا زیادہ جبر ہوگا، پی ڈی ایم کا اتحاد اتنی زیادہ مضبوط ہوتا چلا جائے گا، قمر زمان کائرہ

لاہور (این این آئی) پیپلز پارٹی پنجاب کے صدر قمر زمان کائرہ نے کیپٹن (ر) صفدر کی گرفتاری کی مذمت

بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

گلبدین حکمت یار کی شاہ محمود قریشی سے ملاقات، بین الافغان مذاکرات سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال

خطے کے امن واستحکام، افغانستان میں مستقل امن سے مشروط ہے، پاکستان خلوص نیت کے ساتھ افغان امن عمل میں اپنا صحافانہ کردار ادا کررہا ہے، وزیر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) حزب اسلامی افغانستان کے سربراہ گلبدین حکمت یار نے وفد کے ہمراہ وزارت خارجہ میں وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی سے ملاقات کی جس میں دوران ملاقات پاک افغان دو طرفہ تعلقات، افغانستان میں قیام امن کے لیے جاری

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

کیپٹن صفدر کو سمن جاری کئے جاتے وہ خود پیش ہوجاتے، عوام الناس کو سوچنا چاہیے کہ جمہوری لوگ کتنے کمزور ہیں، نہال ہاشمی

کراچی (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ نہال ہاشمی نے کہا ہے کہ کیپٹن صفدر کو سمن جاری کئے جاتے وہ خود پیش ہوجاتے، عوام الناس کو سوچنا چاہیے کہ جمہوری لوگ کتنے کمزور ہیں۔ سٹی کورٹ میں میڈیا سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے مسلم لیگ (ن) کے رہنما نہال ہاشمی نے کہا کہ یہ کوئی دہشت گردی اور قتل کا معاملہ نہیں ہے،

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

کراچی نائب مسلم لیگ (ن) مریم نواز پی ڈی ایم رہنماؤں کے ہمراہ پریس کانفرنس کررہی ہیں

لوٹ مار کا حساب مانگنے پر جمہوریت خطرے میں پڑ جاتی ہے

صوبائی وزراء

جمہوریت کی بات کرنے والوں نے دھائی ڈھائی سال کے نام پر حکومت بنائی جس کی مثال پوری دنیا میں نہیں ملتی۔ اپوزیشن کی انتشار والی سیاست سے عوام واقف ہیں ان کا بیانیہ ملک دشمنی پر مبنی ہے

2018 میں مسترد ہونے کا بدلہ اپوزیشن آج عوام سے لے رہی ہیں، جلسے جلوس میں کورونا کے پھیلاؤ سے نقصان صرف عوام کو ہوگا، عوام عملی کام پر یقین رکھتی ہے لاشوں کی سیاست ختم ہوچکی ہے، پریس کانفرنس سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزرا نے اپوزیشن جماعتوں کی ملکی اداروں کے خلاف بیان بازی کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ لوٹ مار کا حساب مانگنے پر جمہوریت خطرے میں پڑ جاتی ہے، جمہوریت کی بات کرنے والوں نے دھائی ڈھائی سال کے نام پر حکومت بنائی جس کی مثال پوری دنیا میں نہیں ملتی۔ اپوزیشن کی انتشار والی سیاست سے عوام واقف ہیں ان کا بیانیہ ملک دشمنی پر مبنی ہے، 2018 میں مسترد ہونے کا بدلہ اپوزیشن آج عوام سے لے رہی ہیں، جلسے جلوس میں کورونا کے پھیلاؤ سے نقصان صرف عوام کو ہوگا، عوام عملی کام پر یقین رکھتی ہے لاشوں کی سیاست ختم ہوچکی ہے کیپٹن پارٹی اور

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

اپوزیشن کی کرپشن بچانے کی مہم کامیاب نہیں ہوگی، شبلی فراز

مسلم لیگ ن کے رہنماؤں کی جانب سے مزار قائد پر جلسہ بازی قابل مذمت ہے، نواز شریف کی واپسی کیلئے حکومت اقدامات کرے گی

وزیراعظم عمران خان کی قیادت میں پاکستان مضبوط اور خوشحال ملک بنے گا، آئندہ چند ہفتے میں عوام کو اچھی خبریں ملیں گی، میڈیا سے گفتگو

پشاور (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات سینیٹر شبلی فراز نے کہا ہے کہ حکومت اپوزیشن کی جلسوں سے خوف زدہ نہیں، اپوزیشن کی کرپشن بچانے کی مہم کامیاب نہیں ہوگی، مسلم لیگ ن کے رہنماؤں کی جانب سے مزار قائد پر جلسہ بازی قابل مذمت ہے، نواز شریف کی واپسی کیلئے حکومت اقدامات کرے گی، وزیراعظم عمران خان کی قیادت میں پاکستان مضبوط اور خوشحال ملک بنے گا، آئندہ چند ہفتے میں عوام کو اچھی خبریں ملیں گی۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر اطلاعات ونشریات سینیٹر شبلی فراز نے کہا کہ صحافیوں کو درپیش مشکلات سے بخوبی آگاہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت میڈیا انڈسٹری کے مسائل کے حل کیلئے کوشاں ہے۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ صحافیوں کے حقوق کے تحفظ کیلئے بل اسمبلی میں پیش کیا جائیگا۔ سینیٹر شبلی فراز نے کہا کہ بیانیہ ملک کے نوے کا مقصد ملک میں انتشار پھیلانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ عناصر اپنی لوٹ مار اور کرپشن کا تحفظ چاہتے ہیں۔ وزیر

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

ہمارے پرامن جلسوں نے ان کے پاؤں اکھاڑ دیئے ہیں، شیری رحمن

پکڑ دھکڑ کی دھمکیاں مل رہی ہیں، آپ کو یہ اقتدار راس نہیں آنے والا، خوش دماغی سے جمہوریت نہیں چلتی، آپ کی جوابدہی بھی ہوگی، سینٹ میں اظہار خیال

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی سینیٹر شیری رحمن نے کہا ہے کہ کمرے کے تالے توڑ کر کیپٹن ریٹائرڈ محمد صفدر کی گرفتاری کی مذمت کرتے ہیں، آج کل تو ہر دیوار پھلانگی جارہی ہے، سندھ حکومت اس گرفتاری ایف آئی آر کی تحقیق کرائے گی، ہمارے پرامن جلسوں نے ان کے پاؤں اکھاڑ دیئے ہیں، ہمیں

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

کیپٹن صفدر کی گرفتاری اپوزیشن اتحاد کو تقسیم کرنے کی سازش ہے، پی ڈی ایم

میرے قریبی لوگوں کے ذریعے مجھے بلیک میل کرنے سے بہتر ہے کہ یہاں موجود ہوں کہ اگر ہمت ہے تو آئیں اور مجھے گرفتار کریں، نائب صدر مسلم لیگ (ن)

یہ صرف مریم پر نہیں بلکہ پوری پی ڈی ایم پر حملہ ہے، جس کی مدعیت میں ایف آئی آر کی، وہ مدعی کون ہے ہم عوام کو بتائیں گے، جانتے ہیں کھیل کیوں کھیلا گیا، مولانا فضل الرحمن

کراچی (این این آئی) پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ کیپٹن (ر) صفدر کی گرفتاری اپوزیشن اتحاد کو تقسیم کرنے کی سازش ہے، یہ صرف مریم پر نہیں بلکہ پوری پی ڈی ایم پر حملہ ہے، یہ جو نامعلوم افراد ہیں یہ سب کو معلوم ہیں اور خلائی مخلوق سے اگر آپ زمینی مخلوق بن گئے ہیں تو کیا لوگوں کو سمجھ نہیں آئے گی، مریم نواز یہاں آئی ہیں تو پیپلز پارٹی میزبان ہے، جس کی مدعیت میں ایف آئی آر کی، وہ مدعی کون ہے ہم عوام کو بتائیں گے، ہم بچے نہیں ہیں سب سمجھتے ہیں کہ یہ کھیل کیوں کھیلا گیا، حکومت کے دن گنے جاچکے ہیں، بلاول بھٹو، آصف زرداری کو اس واقعے سے دکھ پہنچا ہے، وزیراعلیٰ سندھ کو اس معاملے سے بے خبر رکھا گیا جس کے بعد واضح ہوگیا ہے حکومت کس کی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پی ڈی ایم کے سربراہ مولانا فضل الرحمن، مسلم لیگ (ن) کی نائب صدر مریم نواز شریف اور سابق وزیراعظم راجہ پرویز اشرف نے پیر کو مقامی ہوٹل میں پریس کانفرنس سے

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

اوستہ محمد میں صفائی کی صورت حال درہم برہم پورا شہر گندگی کے ڈھیر میں تبدیل ہوچکا ہے

اوستہ محمد (آن لائن) اوستہ محمد میں صفائی کی صورت حال درہم برہم پورا شہر گندگی کے ڈھیر میں تبدیل ہوچکا ہے جگہ جگہ نالیوں کا گندہ پانی سمندر کا منظر پیش کررہا ہے میونسپل کمیٹی کا عملہ غائب، تفصیلات کے مطابق اوستہ محمد شہر میں صفائی کی صورت کا نظام درہم برہم شہر کے روڈوں اور گلیوں جن میں پرانی سبزی منڈی

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

گونیازی گو پاکستان کا مقبول ترین نعرہ بن چکا ہے، حاجی علی مدد جتک

پی ڈی ایم جمہوریت پسند قوتوں اور عوام کے ساتھ مل کر ملک میں حقیقی جمہوریت کی بحالی اور اس جعلی حکومت کو گھر بھیجنے تک جدوجہد جاری رکھے گی

عوام نے حکومتی دھمکیوں کو جوتے کی نوک پر رکھ کر جلسہ عام میں شرکت کرکے سلیکٹڈ حکمرانوں کو مسترد کردیا ہے، پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صدر حاجی علی مدد جتک، جنرل سیکرٹری سید اقبال شاہ اور سیکرٹری اطلاعات سردار سربلند جوگیزئی نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم جمہوریت پسند قوتوں اور عوام کے ساتھ مل کر ملک میں حقیقی جمہوریت کی بحالی اور اس جعلی حکومت کو گھر بھیجنے تک جدوجہد جاری رکھے گی، گونیازی گو پاکستان کا مقبول ترین نعرہ بن چکا ہے سلیکٹڈ حکمران نوشتہ دیوار پڑھ لیں اور اوچھے ہتھکنڈے استعمال کرنے کی بجائے اپنا بوریا بستر باندھنے کی تیاریاں کریں، عوام

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

صوبائی وزیر اعلیٰ سندھ اور آئی جی مستعفی ہوں، علی زیدی

آپ کا آئی جی آپ کے کنٹرول میں نہیں تو آپ کس بات کے وزیراعلیٰ ہیں، وفاقی وزیر بحری امور

کیا ڈاکو اسٹار ہوٹل کا دروازہ لات مارنے سے ٹوٹ جاتا ہے؟ وہ گانا گاتے ہوئے پولیس کی موبائل میں بیٹھے، پریس کانفرنس

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر برائے بحری امور علی زیدی نے کیپٹن (ر) صفدر کیس میں وزیراعلیٰ سندھ اور آئی جی سے مستعفی ہونے کا مطالبہ کردیا۔ پیر کو کراچی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے وفاقی وزیر علی زیدی نے مزار قائد میں سابق وزیراعظم بھی موجود تھے کیا ان کو نہیں پتہ وہ کس مقام پر ہیں، ہم ساری رات مقدمہ درج کرانے کیلئے تھانے میں رہے، آئی جی سے کہہ دیا تھا مقدمہ درج نہ ہوا تو تحریک استحقاق جمع ہوگی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ آئی جی اخوا ہوا ہے تو سربراہی

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

بلوچستان ورکرز فیڈریشن کا ملازمین کے مسائل کے کیلئے 21 اکتوبر کے احتجاج میں شامل ہونے کا فیصلہ

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان ورکرز فیڈریشن کے صدر محمد حسن بلوچ جنرل سیکرٹری عبدالحکیم سینئر نائب صدر حضرت خان اور دیگر نے کہا ہے کہ کمر توڑ مہنگائی اور مزدور مسائل کے عدم حل نے ملازمین اور مزدور طبقہ کے مسائل میں تشویش اضافہ کیا ہے بلوچستان میں ٹریڈ یونین پر عائد پابندی سے مختلف محکموں میں مزدوروں کے حقوق

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

پی ڈی ایم کو پاکستان کی ترقی ہضم نہیں ہورہی ہے، عارف محمد حسنی

ضلع چاغی کے شہر اور مضافاتی علاقوں میں ترقیاتی کاموں کا جھال بچھا رہے ہیں

دالبندین شہر کے ماسٹر پلان پر کام جاری ہے جس سے شہر ایک ماڈل سٹی بن جائے گا، صوبائی وزیر

دالبندین (این این آئی) صوبائی وزیر میر محمد عارف محمد حسنی، رکن صوبائی اسمبلی برائے اقلیت امور دنیش کمار نے دالبندین ہندو محلہ کے آر وی پلانٹ، اور ہندو محلہ نوشہرہ گاٹ سڑک کا افتتاح کردیا افتتاحی تقریب سے صوبائی وزیر میر محمد عارف محمد حسنی نے خطاب کرتے ہوئے کہا ضلع چاغی کے شہر اور مضافاتی علاقوں میں ترقیاتی کاموں کا جھال بچھا رہے ہیں دالبندین شہر کے ماسٹر پلان پر کام جاری ہے جس سے شہر ایک ماڈل سٹی بن جائے گا، دالبندین بس اڈہ پایہ تکمیل کو عنقریب پہنچ رہی ہے دالبندین سبزی منڈی مختلف گلیوں میں پکی سڑکیں، ضلع بھر میں آبنوشی کے ٹیوب ویل عوام کے سہولت کے لیئے لگائے گئے ہیں عوام سے جو وعدہ کیا تھا انکو ایک ایک کرکے پورا کررہے ہیں وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی قیادت میں

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

صفدر کیس میں وزیراعلیٰ سندھ اور آئی جی مستعفی ہوں، علی زیدی

آپ کا آئی جی آپ کے کنٹرول میں نہیں تو آپ کس بات کے وزیراعلیٰ ہیں، وفاقی وزیر بحری امور

کیا ڈاکو اسٹار ہوٹل کا دروازہ لات مارنے سے ٹوٹ جاتا ہے؟ وہ گانا گاتے ہوئے پولیس کی موبائل میں بیٹھے، پریس کانفرنس

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر برائے بحری امور علی زیدی نے کیپٹن (ر) صفدر کیس میں وزیراعلیٰ سندھ اور آئی جی سے مستعفی ہونے کا مطالبہ کردیا۔ پیر کو کراچی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے وفاقی وزیر علی زیدی نے مزار قائد میں سابق وزیراعظم بھی موجود تھے

میونسپل ملازمین اور افسران کا مسائل کے حل کیلئے مشترکہ جدوجہد کا اعلان

ایکشن کمیٹی قائم کردی گئی سیاسی مداخلت انٹرنیچکاری پالیسی تسلیم نہیں

کوئٹہ (این این آئی) میٹروپولیٹن کارپوریشن میں سیاسی مداخلت خودمختار ادارے کے رولز آف 19 میں غیر قانونی ترامیم کرنے اور یکے مزدوروں اور ملازمین کو فرائض کی انجام دہی کے باوجود وقت پر تنخواہیں اور اضافی ڈیوٹیاں دینے والے عملہ صفائی کو اور قائم ادارہ کرنے۔ بنیادی حقوق کی پامالی میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ میں سینئر و تجربہ کار افسران کی موجودگی کے باوجود باہر سے افسران کو ڈیپوٹیشن دینے کوئٹہ کارپوریشن کے فعال شعبہ صفائی اور محنتی عملہ صفائی ہونے کے باوجود من

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

صوبائی وزیر تعلیم سردار یار محمد رند ریسٹ ہاؤس پشین میں میڈیا سے گفتگو کررہے ہیں

کوئٹہ پریس کلب

صوبائی وزیر خزانہ میر ظہور احمد بلیدی، صوبائی وزیر موصلات میر سلیم احمد کھوسہ، رکن صوبائی اسمبلی مبین خلیلی اور وزیر اعلیٰ کے کوآرڈینیٹر بلال احمد کا پریس کانفرنس کررہے ہیں

نواز شریف کی بذریعہ اشتہار طلبی کے عدالتی احکامات پر عمل درآمد، اشتہار جاری

ایون فیلڈ ریفرنس میں اپیل زیر سماعت ہے اور نواز شریف عدالت میں پیش ہونے کے پابند تھے

اسلام آباد (این این آئی) سابق وزیراعظم نواز شریف کی بذریعہ اشتہار طلبی کے عدالتی احکامات پر عمل درآمد ہوگیا۔ حکومت نے العزیزیہ اسٹیل ملز اور ایون فیلڈ ریفرنس میں نواز شریف کی طلبی کے اشتہارات اخبارات میں شائع کرادیئے، دونوں اشتہارات عدالتی احکامات پر روزنامہ جنگ اور ڈیلی ڈان میں شائع کرائے گئے۔ اخبارات میں شائع اشتہار میں کہا گیا ہے کہ ایون فیلڈ ریفرنس میں نواز شریف کو 6 جولائی 2018 کو 10 سال قید اور 8 ملین پاؤنڈ جرمانے کی سزا ہوئی۔ اس کے

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

ٹوب پولیس نے ایک شخص کو گرفتار کرکے منشیات برآمد کرلی

ٹوب (این این آئی) ڈی آئی جی ٹوب ریجن سید علی محسن، ایس پی ٹوب وشیر انی فہد خان کھوسہ کی خصوصی ہدایت پر ایس ایچ او شیر علی مندوخیل، اے ایس آئی جہانزیب، اے ایس آئی عبدالغفار اور دیگر پولیس پارٹی نے کارروائی کرتے ہوئے سفید پوش منشیات فروش

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

پی ڈی ایم کے 25 اکتوبر کو کوئٹہ میں ہونے والا جلسہ عوامی قوت کے اعتبار سے تاریخی جلسہ ہوگا، سربلند خان جوگیزئی

یہی وجہ ہے کہ وزراء اور نام نہاد ترجمان اپنی نوکری خطرے میں دیکھ کر حواس باختہ ہوگئے، پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی ترجمان سردار سربلند خان جوگیزئی نے صوبائی وزراء اور صوبائی حکومت کے ترجمان کے بیانات اور پریس کانفرنس پر اپنے ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ پی ڈی ایم کا 25 اکتوبر کو کوئٹہ میں ہونے والا جلسہ عوامی قوت کے اعتبار سے تاریخی جلسہ ہوگا، یہی وجہ ہے کہ وزراء اور نام نہاد ترجمان اپنی نوکری خطرے میں دیکھ کر حواس باختہ ہوگئے۔ اور کوئٹہ جلسے کو ابھی سے ناکامی کے بیانات اور پریس کانفرنس کررہے

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

اپوزیشن میں شامل جماعتیں ملک میں ترقی کا پہیہ روکنا چاہتے ہیں، نور محمد دمڑ

احتجاج ہر سیاسی جماعت کا جمہوری حق ہے حکومت نے اپوزیشن جماعتوں کو ملک بھر میں جلسے کرنے کی اجازت بھی دے چکی ہے

اپوزیشن احتجاج کی آڑ میں قومی اداروں کو نشانہ بنائے پاک فوج کے ملک کیلئے دی جانے والی قربانیاں ناقابل فراموش ہے، صوبائی وزیر پی ایچ ای

برہانی (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما، صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا ہے کہ احتجاج ہر سیاسی جماعت کا جمہوری حق ہے حکومت نے اپوزیشن جماعتوں کو ملک بھر میں جلسے کرنے کی اجازت دی ہے لیکن اسکا یہ مطلب نہیں کہ اپوزیشن احتجاج کی آڑ میں قومی اداروں کو نشانہ بنائے پاک فوج کے ملک کیلئے دی جانے والی قربانیاں ناقابل فراموش ہے نواز شریف قومی مجرم ہے اداروں کا اسکے تقاریر کا سختی سے نوٹس لینا چاہیے نواز شریف مکمل صحتمند دکھائی دیئے، واضح ہوگیا کہ باہر جانے کیلئے بیماری کی شعبدہ بازی کی گئی نواز شریف سے پوچھنا

بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

حکمرانو

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

20 اکتوبر 2020ء

بلاول کی قیادت

پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی تعمیری اور مثبت سیاسی کارکردگی قومی سیاست میں امید کی کرن بن رہی ہے۔ اپوزیشن جماعتوں کی طرف سے حکومت مخالف تحریک شروع ہوئی تو قومی سیاست غیر ضروری محاذ آرائی اور اداروں کے درمیان ٹکراؤ کی سیاست ایک بار پھر سر ابھارنے لگی۔ اپوزیشن کے پہلے عوامی جلسہ منعقدہ گوجرانوالہ میں مسلم لیگ ن کے قائدین خاص طور سے سابق وزیر اعظم نواز شریف کی آرمی چیف کے خلاف تقریر نے ماحول کے آغاز میں بھی خراب کیا تھا لیکن پیپلز پارٹی کے جوانسالی رہنما بلاول بھٹو زرداری نے جلسوں میں جنرلوں کا نام لینے کی روایت پر تنقید کر کے سنجیدہ سیاست کو واپس پٹڑی پر لانے میں اہم اور حوصلہ افزا کردار ادا کیا۔ بلاول پی ڈی ایم کراچی کے جلسہ میں تمام مقررین نے اپنے رویے اور لہجہ میں سنجیدگی کے عنصر کو بڑھایا اور پیدا ہونے والے منفی تاثر کو کامیابی سے زائل کیا۔ نواز شریف کے بیانیہ سے سب سے زیادہ منفی تاثر یہ سامنے آیا تھا کہ عوام کے جمہوری حقوق کی بات کرنے کی کسی کو نہ فرحت ہے نہ دلچسپی۔ وہ عوام کی قوت صرف اپنے مفادات ذاتی لڑائیوں اور نجی مقاصد کے حصول کیلئے استعمال کرنا چاہتے ہیں۔ نواز شریف تمام خرابی احوال کا ذمہ دار جنرل باجوہ کے قرار دیکر پورے نظام کو عوام کی نفرت سے بچانے کا فریقہ بھی سرانجام دے رہے ہیں۔ اس سوال کا ان کے پاس بظاہر کوئی جواب نہیں ہوگا کہ اگر سارا الیکشن جنرل باجوہ کے چرایا تو خود مسلم لیگ ن کے ارکان اپنی اسمبلیوں میں دو سال سے کیوں بیٹھے ہیں اور آیا وہ بھی سلیکٹیڈ نہیں ہیں۔ سب سے اہم سوال یہ ہے کہ جس جمہوریت کی بحالی کے نام پر عوام کو مجتمع کیا جا رہا ہے اس میں خود عوام کیلئے کیا موجود ہے۔ آج کا سب سے اہم مسئلہ مہنگائی کا ہے۔ لیکن نواز شریف کو اپنی ذاتی شکست کا بدلہ لینے کی فکر دامن گیر ہے۔ پاکستان کے مختلف شعبوں کی ممتاز شخصیات کے درمیان اگر کوئی تناؤ انجش یا لڑائی موجود بھی ہے تو عوام کو اس سے کیا غرض ہے پاکستان عوام کی ضرورت ہے کہ ان کے جمہوری حقوق کے حصول اور تحفظ کی ضمانت فراہم کی جائے لیکن اس کیلئے کوئی تیاری نہیں۔

امریکی افواج کے انخلا پر پاک۔افغان کو درپیش سیکورٹی چیلنجز

قادر خان یوسف زئی

افغان طالبان نے امریکا پر دوحہ معاہدے کی خلاف ورزی کا الزام عاید کیا ہے، ذرائع کے مطابق افغان طالبان غیر ملکی افواج پر حملے نہیں کر رہی لیکن امریکی و نیٹو افواج اب بھی معاہدے کے برخلاف افغان سیکورٹی فورسز کے ساتھ مل کر افغان طالبان کے ٹھکانوں کو نشانہ بنا رہے ہیں، واضح رہے کہ امریکی صدر ٹرمپ نے کرسمس سے قبل اپنی افواج کو افغانستان سے نکالنے کی خواہش کا عندیہ دیا، جب کہ امریکی حکام کے مطابق 2021 کے اوائل میں امریکی فوجیوں کی تعداد گھٹا کر 2500 تک کر دی جائے گی، افغانستان میں جب سابق صدر نے امریکی افواج کی واپسی کا ٹائم فریم دیا تھا تو جیسے جیسے امریکا کی جانب سے افغانستان کی انخلاء کی اعلان کردہ تاریخ نزدیک آ رہی تھی، امریکا کی پریشانی میں متواتر اضافہ ہوتا جا رہا تھا کہ افغان جنگ میں استعمال ہونے والا 50 ارب ڈالر کا ساز و سامان، واپسی کے سبب وہاں اور بھاری نقصان کا باعث بن سکتا ہے۔

سابق صدر باراک اوبامہ نے جون 2011 میں اعلان کیا تھا کہ جولائی 2011 میں دس ہزار اور ستمبر 2012 تک 33 ہزار امریکی فوجیوں کو واپس بلا لیا جائے گا۔ 2016 میں اوبامہ انتظامیہ نے افغانستان سے تمام امریکی فوجی بلانے کا اعلان کیا تھا، لیکن امریکی اعلانات پر کماحقہ عمل درآمد نہیں کیا گیا۔ پینٹا گون عندیہ دے چکا کہ افغانستان میں مستقل امن کے قیام تک اُس کی مکمل فوج واپس نہیں جائے گی اس لیے امریکی صدر کے اعلان کے باوجود امریکی افواج کی موجودگی کی توسیع کر دی گئی۔ خود امریکی تاریخ بھی گواہ ہے کہ اُس نے جس بھی ملک میں لشکر کشی کی ہے، وہاں سے جنگ بندی کے بعد بھی امریکی فوجی اڈے اور فوجی موجود رہے ہیں، اس لیے بظاہر ناممکن ہے کہ افغانستان کی سرزمین پر امریکا کا کوئی فوجی نہ ہو۔ ابتدائی طور پر پینٹا گون کی جانب سے بیان میں پانچ ہزار فوجی افغانستان میں رہنے کا ارادہ ظاہر کیا گیا تھا لیکن بعد ازاں تعداد کی ضرورت کی لحاظ سے مزید اضافے کو بھی خارج از امکان قرار نہیں دیا گیا۔ کچھ یہی صورتحال دوحہ مفاہمتی عمل معاہدے کے بعد امریکا کو درپیش ہے کہ امریکی فوجیوں کی کتنی تعداد افغانستان میں رہے گی، انخلا پر امریکی پالیسی بیان تبدیل ہوتا رہتا ہے۔ تاہم اتنا ضرور ہے کہ جب تک بین الافغان مذاکرات کسی منطقی سمت پر رواں ہوں گے، تو امریکا کی نقل و حرکت میں کمی ضرور واقع ہوگی۔

یہ اطلاعات بھی سامنے آ رہی ہیں کہ افغان طالبان کے مستقبل میں کلیدی کردار کو دیکھتے ہوئے، کامل انخلا میں کو بھی بھاری فوجی ساز و سامان دینے سے گریز کیا جائے گا، تاکہ کسی کے استعمال میں امریکی ٹیکنالوجی نہ آ سکے، امریکا چاہے گا کہ فوجی ساز و سامان جو افغان جنگ میں استعمال ہوا، اسے واپس لا کر کیلی فورنیا میں قائم 35 ہزار ایکڑ پر محیط ڈپو میں ہی دوبارہ اسٹور کیا جائے۔ جہاں پہلے ہی لاکھوں جنگی گاڑیاں اور اربوں ڈالر مالیت کا دیگر سامان موجود ہے۔ امریکا اپنے فوجی ساز و سامان کسیکے حوالے بھی نہیں کرنا چاہتا، بالخصوص داعش سے مقابلہ کرنے کے لیے بھی امریکی پالیسی میں شامل نہیں ہے کہ بھاری ساز و سامان کابل یا اسلام آباد کو دیا جائے، کیونکہ باہمی اعتماد کی کمی واضح ہے، لیکن امریکا کو یہ ضرور سوچنا ہوگا کہ اگر ریاست دفاعی ساز و سامان کے ساتھ مضبوط ہو تو شدت پسندوں کے خلاف کارروائی کرنے میں دشواری کا کم سامنا ہوتا ہے۔ افغانستان سے باقاعدہ انخلا پر قوی امکان یہی رہتا ہے کہ جنگجو گروپس مال غنیمت کو حاصل کرنے کے لیے امریکی قافلوں پر دھاوا بولتے ہیں جیسا کہ گذشتہ دنوں ہوا۔

پاکستانی اور افغانی عوام اپنے تمام تر اختلافات کے باوجود امریکا کے ہر عمل کو شک و شبے کی روشنی سے دیکھتی ہے۔ امریکا اپنے لیے ہمدردی کے حصول میں مخلص ہے، تو اسے اپنے عمل سے بھی ثابت کرنا ہوگا۔ افغانستان سے انخلا کے لیے پاکستان و افغانستان کو دفاعی لحاظ سے مضبوط کرنا خود امریکا کے مفاد میں ہے، پاکستان کو افغانستان کی جانب سے در اندازیوں اور غیر ملکی شدت پسندوں کی روک تھام اور ان کے خلاف بھرپور کارروائی کے لیے عسکری مضبوطی ناگزیر ہے، ملک کی مشرقی سرحدوں پر بھارتی مہم جوئی کا مسلسل اثر پورے پاکستان پر ہو رہا ہے۔ امریکا عالمی امن کے لیے اپنے طرز عمل میں گنجائش پیدا کرے جو خطے کے لیے بہتری کا مثبت قدم ہوگا۔

قوم سے سوال، مستقبل کا فاروق ستار یا خالد مقبول صدیقی کون؟

تین مرتبہ ملک کے وزیر اعظم بننے والے میاں نواز شریف نے افواج پاکستان پر حملوں کا جو سلسلہ شروع کیا ہے یہ واضح طور پر ملک کے سب سے اہم دفاعی ادارے کو متنازع بنانے، انتشار پھیلانے اور بین الاقوامی سطح پر اپنی فوج کی ساکھ خراب کرنے کی کوشش ہے۔ ملک کے سابق وزیر اعظم نے افواج پاکستان کے سربراہ یعنی چیف آف آرمی سٹاف یا سپہ سالار پر براہ راست الزام لگا کر یہ ثابت کیا ہے کہ انہیں اپنی فوج پر اعتماد نہیں ہے۔ سپہ سالار پر عدم اعتماد کا مطلب فوج پر ہی عدم اعتماد ہوتا ہے۔ عدم اعتماد کے بعد ہی عدم استحکام کا سفر شروع ہوتا ہے اور عدم استحکام کے بعد ہی اداروں کی ندرکنے والی تنزلی کا عمل شروع ہوتا ہے۔ یوں میاں نواز شریف کی طرف سے عدم اعتماد کی فضا کا آغاز بنیادی طور پر عالمی اسٹیبلشمنٹ کے بیانیے کا حصہ ہے وہ عالمی اسٹیبلشمنٹ جو مذاہب کی بنیاد پر دنیا کو تقسیم کرتی ہے اور اسلام ان کا سب سے بڑا ہدف ہے جب اسلام اس عالمی اسٹیبلشمنٹ کا سب سے بڑا ہدف ہے تو اسلام کا مضبوط قلعہ اور ایٹمی طاقت کا حامل پاکستان اسلامی ممالک میں ان اسلام دشمنوں کا سب سے بڑا ہدف ہے۔ دشمن دہائیوں سے افواج پاکستان کو کمزور کرنے اور اسے عوام میں غیر مقبول بنانے کے مختلف طریقوں پر کام کر رہا ہے لیکن پاکستانی عوام کی فوج سے محبت اور افواج پاکستان کی ملکی دفاع کے لیے بے پناہ قربانیوں کو دیکھتے ہوئے آج تک ایسی کوئی بھی کوشش کامیاب نہیں ہوسکی۔ اس ایجنڈے پر عمل کے لیے مختلف علاقائی افراد استعمال ہوتے رہے ہیں لیکن پاکستان کے دشمنوں کو ہمیشہ ناکامی کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ بدقسمتی سے اب میاں نواز شریف ان بیرونی قوتوں کے آلہ کار بنے بیٹھے ہیں اور ان کے ہاتھوں میں کھیل رہے ہیں۔ جمہوریت کے نام پر، سیاسی جماعتوں کے ساتھ مل کر یا ان کی آڑ میں یا ان کا کندھا استعمال کرتے ہوئے انہوں نے ملکی سلامتی کے ضامن سب سے اہم ادارے کو صرف اپنی کرپشن بچانے کے لیے ہدف بنایا ہے ان کے پاس اپنے دفاع میں کہنے کے لیے کچھ بھی نہیں ہے۔ وہ ایک شکست خوردہ سیاست دان کے بجائے ایک ملک دشمن سیاست جیسے رویے کا مظاہرہ کرتے نظر آ رہے ہیں ان کی بے چینی، اضطراب اور بے قراری کی وجہ عوامی ہرگز نہیں ہے بلکہ ان کی تکلیف کی وجہ خالصتاً ذاتی ہے۔ ان کی کرپشن پکڑی گئی ہے، سزا یافتہ ہونے کے بعد ان کا سیاسی مستقبل ختم ہو چکا ہے ان کا سارا خاندان جیلوں میں ہے یا عدالتوں کے چکر کاٹ رہا ہے تاریک ہوتے سیاسی مستقبل کو بچانے کے لیے انہوں نے سب سے حساس معاملات کو چھیڑتے ہوئے خود کو معصوم بنانے کی ناکام کوشش شروع کی ہے۔ یہ یاد رہے کہ انہوں نے مفاہمت کی کوششیں بھی کیں انہی کوششوں کے نتیجے میں وہ اپنے دوسرے گھر لندن منتقل بھی ہوئے مفاہمت کی کوششیں اس کے بعد بھی جاری رہیں اور ان کوششوں کے دوران وہ اپنی پسندیدہ عوام سے مکمل طور پر لاتعلق رہے، آج جس عوام کو وہ بلا رہے ہیں اور ان کا خیر مقدم کرنے کی اداکاری کر رہے ہیں یا ان کے آنسو پونچھنے کا ڈرامہ کر رہے ہیں اس دوران وہ سادہ لوح اور معصوم عوام کو مکمل طور پر نظر انداز کرتے رہے۔ اگر وہ ڈیل کے طلبگار نہیں تھے اگر وہ ڈیل کی کوششیں نہیں کر رہے تھے تو اس وقت ہونے والی مہنگائی پر ان کی زبان پر تالے کیوں لگے ہوئے تھے۔ انہوں نے بھرپور کوشش کی کہ کسی طریقے سے جان چھوٹ جائے، معاملات طے ہو جائیں کوئی راستہ نکل آئے لیکن راستے بند ہونے کے بعد انہوں نے کسی سیاسی حریف کو نشانہ بنانے کے بجائے ملک و قوم کے محافظوں سے جنگ شروع کر دی۔ افواج پاکستان ایک طرف سرحدوں کے تحفظ کی ذمہ داری نبھا رہی ہے تو دوسری طرف تین مرتبہ ملک کا وزیر اعظم بننے والا شخص انہیں دنیا میں متنازع بنانے کی کوششوں میں مصروف ہے۔ اگر میاں نواز شریف کو قوم کا درد ہوتا، اگر انہیں غریب عوام کا احساس ہوتا، اگر انہیں مہنگائی کی فکر ہوتی تو وہ اس مہنگائی اور حکومتی نااہلی پر بولنے کے لیے ڈیل یا ڈیل کے انکار کا انتظار نہ کرتے۔ ڈیڑھ سال ہونے کو آیا ہے مہنگائی سے عوام کی چیخ و پکار سات سمندر پار بھی سنی جا رہی ہے لیکن "باؤجی" کو خبر نہ ہوئی کہ مہنگائی ہو رہی ہے۔ باؤجی کو یہ پتہ نہ چلا کہ چینی ایک سو بیس روپے فی کلو پر پہنچ گئی، آٹا پہنچ سے باہر ہوتا جا رہا ہے، پھلوں اور سبزیوں کی قیمتیں آسمانوں سے باتیں کرنے لگی ہیں لیکن باؤجی "ڈیل" کے منتظر رہے اور جب دال نہ گلی تو اچانک نظریاتی بن گئے۔ بدقسمتی سے نظریہ بھی اپورٹ نہ لائے ہیں۔ اگر وہ ملک میں سیاست کرتے، عوامی مسائل اور ان کے حل پر بات کرتے تو انہیں خوش آمدید کہا جاتا، کوئی انہیں الطاف حسین ثانی نہ کہتا، کوئی ان کی سرگرمیوں کو مشکوک قرار نہ دیتا لیکن انہوں نے عوامی مسائل اور عوامی سیاست کے بجائے دفاعی معاملات پر گفتگو شروع کر دی۔ نفرت انگیز تقاریر، انتشار پھیلانے کی کوششوں کا آغاز کیا۔ ان کا یہ طرز عمل کسی بھی طور نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ چونکہ وہ ملک دشمنوں کے بیانیے کو آگے بڑھا رہے ہیں ان کا بیانیہ بدنیتی اور ان کا مقصد لوٹ مار کا پیسہ بچانا ہے۔ اس لیے آزادی اظہار کو بنیاد بنا کر انہیں ملک میں انتشار پھیلانے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔ پاکستان مسلم لیگ کے تمام اراکین قومی و صوبائی اسمبلی کو بھی اب یہ فیصلہ کر لینا چاہیے کہ وہ کس کے ساتھ ہیں، کیا وہ میاں نواز شریف کے انتشار، نفرت اور افواج پاکستان مخالف بیانیے کے حمایتی ہیں یا پھر وہ ریاستی اداروں کے ساتھ اور ملکی سلامتی کے ساتھ کھڑے ہیں۔ کیا وہ میاں نواز شریف کے بیانیے کو آگے بڑھانے کے لیے کام کرنا چاہتے ہیں یا پھر بیرونی دشمنوں کے اس ایجنڈے کے مخالف ہیں۔ انہیں جلد فیصلہ کرنا ہوگا میاں نواز شریف کی کشتیاں تو جل چکی ہیں، ان کا مستقبل تاریک ہو چکا ہے لیکن ان کی طرف سے مسلسل شر انگیزی ان کے ساتھیوں کے لیے بھی نقصان دہ ثابت ہو سکتی ہے۔ میاں نواز شریف ایسے ہی بولتے رہے تو ن لیگ میں سے کسی کو فاروق ستار یا خالد مقبول صدیقی بننا پڑے گا۔ دیکھنا قسمت کون ہوگا۔ ن لیگ میں یہ اعزاز شاہد خاقان عباسی کو ملتا ہے یا پھر احسن اقبال اس کے حقدار ٹھہرتے ہیں یا پھر خواجہ آصف اور خواجہ سعد رفیق میں سے کوئی ایک ن لیگ کا فاروق ستار یا خالد مقبول صدیقی بنے گا۔ یہ تو حقیقت ہے کہ میاں نواز شریف کے اس ملک دشمن بیانیے کی ان کی جماعت میں بھی مخالفت پائی جاتی ہے اور لوگ اس سے خوش نہیں ہیں تیزی سے بدلتے حالات کی وجہ سے ان تمام لوگوں کو اپنا موقف واضح کرنا ہوگا کہ وہ بیرون ملک بیٹھے اس شخص کے ذاتی مفادات کی بھینٹ چڑھنا چاہتے ہیں یا پھر ملکی سلامتی کو مقدم رکھتے ہوئے مستقبل کا فیصلہ کرتے ہیں۔ کیونکہ ان کے لیڈر کو تو بجلی مہنگی اس وقت نظر آئی جب دال نہ گلی، ان کے محبوب لیڈر اور عوام کے نام نہاد درد مند کو مہنگی گیس اور ادویات اس وقت نظر آنا شروع ہوئیں جب مفاہمت کی کوششیں ناکام ہو گئیں۔ ہر کوشش کہ ناکامی کے بعد پھر انہیں یاد آیا کہ جمہوریت کا نعرہ ہی بچاؤ کا واحد راستہ ہے پھر انہوں نے وہی راستہ اختیار کیا اور بھیڑ کی طرح سب کچھ داؤ پر لگانے کے سفر آغاز بھی کر دیا ہے۔ میاں نواز شریف کی تاریخ یہی بتاتی ہے کہ یا تو وہ مارشل لاء کے ساتھ کام کرتے ہیں یا پھر جاتے ہوئے مارشل لاء کا تحفہ دے کر جاتے ہیں۔ ان دنوں بھی وہ اسی ایجنڈے پر ہیں کہ اگر میں نہیں کھیلتا تو پھر میدان کسی کو بھی کھیلنے کے لیے نہیں ملنا چاہیے۔ ہم نے چند روز قبل لکھا تھا کہ پی ڈی ایم کا ہدف مارشل لاء، اب وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی بھی انہی خیالات کا اظہار کرتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں وہ کہتے ہیں اگر ہم چلے گئے تو کوئی انہیں کھیلنے دے گا، وہ کہتے ہیں اگر نظام لپیٹا تو اپوزیشن کے ہاتھ بھی کچھ نہیں آئے گا۔ (جاری ہے)

نور ہی نور

پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی

بخاری شریف کی حدیث مبارکہ میں ایک صحابی بیان فرماتے ہیں: کہ ایک رات نبوت و رسالت کے آفتاب و مہتاب، انبیا مرسلین کے تاجدار، مجسم رحمت، شافع محشر، فخر دو عالم نور مجسم، سید ابرار شاہ دو عالم حضرت محمد رونق افروز تھے کہ میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اس وقت آسمان پر چودھویں کا چاند روشن تھا۔ کبھی میں آسمان پر چاند کو دیکھتا ہوں کبھی زمین پر آپ سرکار کا روشن چہرہ مبارک کبھی میں چاند کو کبھی آپ کے چہرہ مبارک کو دیکھتا ہوں خدا کی قسم آپ کا چہرہ مبارک چاند سے زیادہ روشن اور چمکدار تھا اسی طرح ایک دن فرشتوں کا سردار جبرائیل امین آپ کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوتا ہے اور عرض کرتا ہے یا رسول اللہ میں نے حضرت آدم سے لے کر آپ تک تمام انبیا اکرام کو دیکھا ہے میں نے حضرت یوسف کو بھی دیکھا عرش پر اور فرش پر ایک بھی چہرہ آپ کے چہرہ مبارک سے زیادہ حسین اور روشن نہیں دیکھا آپ سب سے خوبصورت اور روشن ہیں آپ جیسا کوئی نہیں ہے بلاشبہ خالق کائنات نے سب سے پہلے بلواسطہ اپنے حبیب محمد کا نور پیدا کیا پھر اسی نور کو خلق عالم کا واسطہ ٹھہرایا ایک دن شہنشاہ مدینہ، ساقی کوثر شاہ ام حلوہ افروز تھے تو صحابہ کرام نے عرض کی کہ یا رسول اللہ آپ کی نبوت کب ثابت ہوئی تو آپ نے فرمایا میں اس وقت بھی نبی تھا جب کہ آدم کی روح نے جسم سے تعلق نہیں پکڑا تھا۔

پھر اسی عالم میں خالق کائنات نے دیگر انبیائے کرام کی روحوں سے وہ عہد لیا جو قرآن پاک سورآل عمران 81 میں مذکور ہے اور جب تمام پیغمبروں کی روحوں نے عہد مذکور کے مطابق سید المرسلین کی نبوت و امداد کا اقرار کر لیا تو نور محمدی کے فیضان سے ان کی روحوں میں وہ قابلیتیں پیدا ہو گئیں کہ دنیا میں اپنے اپنے وقت میں ان کو منصب نبوت عطا ہوا۔ اس وعدے کے سبب تمام انبیائے سابقین علیہم اسلام اپنی اپنی امتوں کو حضور نبی آخر الزماں کی آمد و بشارت اور آپ کی اتباع کی تاکید فرماتے رہے۔ اگر سید المرسلین کی نبوت دنیا میں ظاہر نہ ہوتی تو سابقہ تمام انبیائے علیہم اسلام کی نبوتیں بھی باطل ہو جاتیں اور وہ تمام بشارتیں ناتمام رہ جاتیں۔

پس دنیا میں حضور اقدس کی تشریف آوری نے سابقہ پیغمبروں کی نبوتوں کی تصدیق فرما دی جس طرح مجسم رحمت کا نور راز ہر منبع انوار الانبیا تھا اسی طرح آپ کے جسم مبارک کا مادہ بھی لطیف ترین تھا۔ جب خالق کائنات نے سرور کونین کو پیدا کرنا چاہا تو جبرائیل امین کو حکم دیا کہ سعید مٹی لا۔ لہٰذا جبرائیل جنت کے فرشتوں کے ساتھ زمین پر آئے اور حضرت کی قبر شریف کی جگہ سے ایک مٹھی سفید چمکتی دمکتی اٹھا لائے پھر اس مٹی کو جنت کے چشمہ تسنیم سے گوندھا گیا جب یہ مٹی سفید موتیوں کی مانند ہو گئی فرشتے اسے لے کر عرش و کرسی کے گرد زمین و آسمان تک پھیرا گیا تمام فرشتوں نے آپ کو حضرت آدم کی پیدائش سے پہلے ہی پہچان لیا پھر جب رب ذوالجلال نے حضرت آدم کو پیدا کیا اپنے حبیب پاک کے نور کو ان کی پشت مبارک میں رکھ دیا، اس نور کے انوار حضرت آدم کی پیشانی پر روشن تھے جس طرح رات میں چاند روشن ہوتا ہے۔

پھر ان سے یہ عہد لیا گیا کہ یہ نور پاک پشتوں سے پاک رحموں میں منتقل ہوا کرے پھر یہ نور اماں حوا کے رحم مبارک میں منتقل ہو گیا اب جو نور حضرت آدم کی پیشانی ہر روشن تھا اب حضرت حوا کی پیشانی پر روشن ہو گیا۔ پھر جب حضرت شیث علیہ سلام پیدا ہوئے تو وہ نور ان کی پشت میں منتقل ہو گیا۔ یہ نبی کریم کا معجزہ تھا کہ حضرت شیث اکیلے ہی پیدا ہوئے۔ آپ کے بعد ایک بطن میں جوڑا (لڑکا لڑکی) پیدا ہوتا رہا۔ روز و شب گزرتے رہے زمین اپنے محور پر گھومتی رہی اور یہ نور اسی طرح پاک پشتوں سے پاک رحموں میں منتقل ہوتا رہا اور پھر جمعہ کی شب سرور کونین کے والد ماجد حضرت عبداللہ کی پشت سے آپ کی والدہ ماجدہ حضرت آمنہ کے رحم پاک میں منتقل ہوا۔ حضرت کعب بن احبار سے یہ منقول ہے یہ نور محمدی کی عظیم شان فضیلت تھی کہ نبی کریم کے آبا امہات شرک و کفر کی نجاست اور زنا کی آلودگی سے پاک رہے اسی نور کی وجہ سے حضرت آدم ملائک کے مسجود بنے اسی نور کی وجہ سے ان کی توبہ قبول ہوئی۔

اسی نور کی بدولت حضرت نوح کی کشتی طوفان میں غرق ہونے سے بچی۔ اسی نور کی بدولت حضرت ابراہیم آتش نمرود سے محفوظ رہے اسی نور محمد کے طفیل حضرات سابقین انبیائے علیہم الصلوات پر خالق کائنات کی بے شمار عنایات رہیں جب نبی کریم غزوہ تبوک سے واپس آئے تو حضرت عباس نے حضور پاک کی اجازت سے آپ کی مدح میں چند اشعار کہے کہ کشتی کا طوفان سے بچ جانا اور حضرت ابراہیم کی آگ کا گلزار ہو جانا حضور کے نور کی برکت تھا۔ امام ابو حنیفہ نعمان بن ثابت ساقی کوثر کی شان میں یوں فرماتے ہیں ترجمہ۔ آپ کی وہ مقدس ذات ہے کہ اگر آپ نہ ہوتے تو ہرگز کوئی آدمی پیدا نہ ہوتا اور نہ کوئی مخلوق پیدا ہوتی آپ وہ ہیں کہ آپ کے نور سے چاند کو روشنی ہے سورج آپ ہی کے نور زیبا سے چمک رہا ہے آپ وہ ہیں کہ جب آدم نے لغزش کے سبب سے آپ کا وسیلہ پکڑا تو وہ کامیاب ہو گئے حالانکہ وہ آپ کے باپ ہیں آپ ہی کے وسیلہ سے خلیل نے دعا مانگی تو آپ کے روشن نور سے آگ ان پر ٹھنڈی ہو گئی۔ حضرت ایوب نے مصیبت میں آپ کو پکارا مسیح آپ ہی کی بشارت اور آپ ہی کی صفات حسنہ کی خبر دیتے۔

موسیٰ علیہ اسلام بھی آپ کا وسیلہ پکڑتے اور تمام انبیا علیہم اسلام اور مخلوقات میں سے ہر مخلوق اور پیغمبر اور فرشتے آپ ہی کے جھنڈے تلے ہونگے۔ پھر جب یہ نور محمدی آپ کے والد محترم حضرت عبداللہ میں ظاہر ہوا تو اس نور کی وجہ سے آپ کے والد محترم کمال حسن و جمال رکھتے تھے قریش کی بہت ساری عورتیں آپ کی طرف مائل تھیں۔ لیکن آپ کی شادی وہب کی بیٹی آمنہ زہریہ قرشیہ جو نسب و شرف اور خوبصورتی میں قریش کی تمام عورتوں سے ممتاز تھیں۔ پھر جب نور محمدی حضرت آمنہ کے رحم مبارک میں منتقل ہو گیا تو بہت سارے عجائبات ظہور میں آئے قحط سالی ختم ہو گئی درختوں پر خوب پھل آیا بادشاہوں کے تخت اور بت اوندھے گر پڑے مشرق و مغرب کے چرند پرند اور دریائی جانوروں نے ایک دوسرے کو خوشخبری دی حضرت آمنہ نے خواب میں سنا کہ کوئی کہہ رہا ہے تیرے پیٹ میں دونوں جہانوں کا سردار ہے جب وہ پیدا ہوئے تو ان کا نام محمد رکھنا۔ جب حمل شریف کے نو ماہ پورے ہو گئے تو فخر دو عالم 12 ربیع الاول فجر کے وقت دنیا میں تشریف لائے سسکتی بلکتی انسانیت صدیوں سے جس مسیحا کے انتظار میں تھی وہ مسیحا اعظم زمین پر آ گیا زمین و آسمان آپ کے نور کی روشنی سے چمک اٹھے اور پوری دنیا کے بت آپ کے احترام میں سجدے میں گر گئے۔

بھان متی نے کنبہ جوڑا

رویل اکبر

گوجرانوالہ جلسہ میں ماضی کے دشمنوں اور موجودہ دوستوں کی تقریروں پر کیا ردعمل سامنے آیا اسکا ذکر بعد میں کرونگا مگر پہلے یہ بتا دوں کہ جلسوں سے حکومتیں نہیں جاتیں عمران خان کے مینار پاکستان جلسے سے کوئی نہیں گیا اگر جلسوں سے جانا ہوتا تو پی ٹی آئی نے ٹکا کر 126 دن جلسوں میں لگائے 1986 میں بے نظیر کا جلسہ اور عمران خان کا لاہور مینار پاکستان کے جلسے کے سامنے گوجرانوالہ کا جلسہ کچھ نہیں تھا گوجرانوالہ جلسے میں میاں نواز شریف نے 11 دفعہ جنرل قمر جاوید باجوہ کا نام لیا اور یہی باجوہ ہے جسے (ن) لیگ نے اپنے ووٹ دے کر مدت ملازمت میں توسیع دی ہے فوج نے اب سیاست سے کنارہ کشی اختیار کر لی ہے مگر گیٹ نمبر 4 کی پیداوار اب بھی یہی سمجھتے ہیں کہ فوج اگر چاہے تو انہیں اقتدار میں شامل کر سکتی ہے مگر اب ایسا نہیں ہے یہ سب کو معلوم ہے کہ فوج کے ان لوگوں پر بہت سے احسانات ہیں انکی انگلیاں پکڑ کر انہیں اقتدار کے ایوانوں میں دھکیلا گیا اور اب یہی لوگ اپنے محسنوں پر ہرزہ سرائی کرتے ہیں کیونکہ عوام میں جا نہیں سکتے۔

انہیں اپنی لوٹ مار کا اندازہ ہے اسی لیے تو انہوں نے جان بوجھ کر اس فرسودہ نظام سے نجات حاصل نہیں کی جو نظام 73 سالوں میں تعلیم اور صحت کی بنیادی سہولتیں نہیں دے سکا وہ قوم کو عزت اور تحفظ کیا دے گا؟ اس نظام نے عوام دشمن مافیا کو جنم دیا اور یہ بدقسمتی ہے کہ ریاست کمزور اور مافیا طاقتور ہے یہی وجہ ہے کہ آج ہمارے بعض سیاسی رہنما بظاہر تو جمہوریت کے علمبردار ہیں مگر وہ بادشاہوں کی طرح اٹھتے بیٹھتے اور سوچتے ہیں انکی پارٹیوں میں جمہوریت ہے نہ ہی انکے ذہنوں میں یہ سب لوگ صرف عوام کو دھوکہ اور فریب دے رہے ہیں اور اسی سوچ نے پاکستان کو مضبوط اور خوشحال نہیں ہونے دیا عوام کو جمہوریت کا لالی پاپ دیکر اور ترقی کے بہانے خواب دکھا کر ایک جاتا ہے تو دوسرا آ جاتا ہے بینظیر کی حکومت ختم کرنے کے لیے نواز شریف نے ایڑی چوٹی کا زور لگایا اسی طرح بینظیر نے نواز شریف کی حکومت کو گرانے میں ہر رکاوٹ توڑ دی تھی اور اب یہ سب اکٹھے ہو کر عمران خان کی حکومت ختم کرنا چاہتے ہیں محاذ آرائی اور مفاہمت کی سیاست نے ملک کے 73 سال ڈبو دیے ہیں اور ابھی تک اس ٹولے کو سمجھ نہیں آئی۔

ذاتی مفادات کیلئے ملک، اداروں، نظریے اور معیشت کو داؤ پر لگا دیا جاتا ہے ہر دور میں یہی کہا جاتا رہا کہ حکمران بدمست اور اپوزیشن مفاد پرست ہے اس نظام نے ان کی پرورش کی ہے جس سے نکلنے کیلئے جامع اصلاحات اور جمہور کی حقیقی جمہوریت کی ضرورت ہے اس وقت کسی کے پاس مسائل سے نکلنے کا لائحہ عمل نہیں ہے، کرپشن، ذاتی مفادات اور اپنی بقا کیلئے عوام کو دھوکہ دیا جا رہا ہے یہی لوگ جب اقتدار میں ہوتے ہیں تو انکے نشے میں مبتلا ہو کر ہوش کھو جاتے ہیں اس وقت ملک میں مہنگائی، معاشی بدحالی، جہالت اور صحت کا کتنا بڑا بحران ہے اس سے کیسے نکلا جائے کسی کے پاس کوئی حل نہیں مگر سیاسی رسہ گیر عوام کی بوٹیاں نوچ کر سر عام عیاشیوں میں مبتلا ہیں اور ووٹ کو عزت دو کا نعرہ لگا رہے ہیں۔

اس وقت ضرورت ہے تو سخت احتساب کی ضرورت ہے تاکہ چھوٹے چوروں کے ساتھ ساتھ بڑے چور بھی جیل میں مشقت کرتے ہوئے نظر آئیں ورنہ تو یہ لوگ ایسے ہی جلسے جلوس کر کے عوام کا وقت ضائع کرتے رہیں گے جیسا گوجرانوالہ میں ہوا اس جلسہ میں مختلف مقررین تقریریں کرتے جا رہے تھے اور انکی باتیں سن کر ہم چار لوگ ہنس رہے تھے میرے پاس دفتر میں بیٹھے ہوئے ان میں ایک ندیم دوسرا احمد تیسرے فرد بخاری صاحب (جاری ہے)

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)



سیاست دان بمقابلہ فوج

میر افسر امان

عجیب اتفاق ہے کہ ہمارے ملک میں سیاست دان اعلانیہ اپنی ہی فوج کے خلاف مقابلے کے لیے باہر نکل آئے ہیں۔ وہ بھی ایسے وقت میں جب پاکستان کا ازلی دشمن بھارت کہتا کہ پاکستان کے پہلے دو ٹکڑے کیے تھے، اب مذید دس ٹکڑے کریں گے۔ پاکستان کی شہ رگ کشمیر کو ہڑپ کر چکا ہے۔ پاکستان پر حملہ کر چکا۔ جسے پاک فوج نے جوابی حملہ کر کے نانی یاد کرا دی۔ بجائے کے ایسے موقعہ پر اپنی فوج کی مدد کی جائے اس کے مقابلے میں نکل پڑے ہیں۔ بقول عمران خان، ایک ہی بات ہے کہ ان کی کرپشن پر این او آر دے دیا جائے تو سب ٹھیک، ورنہ دنگل سجانے سے باز نہیں آئیں گے۔ کہتے ہیں عمران کو فوج لائی ہے۔ پیپلز پارٹی کے بانی ڈکٹیٹر ایوب کو ڈیڈی کہتے تھے۔ وہ تاریخ میں پہلے سویلین مارشل لا ایڈمنسٹ

شال بقیہ 1

ہے۔ یہ بات دونوں رہنماؤں نے پریس کانفرنس پر جملوں کا تبادلہ کرتے ہوئے کہی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے ٹوئٹر پر جاری اپنے ایک بیان میں کہا کہ بلوچستان صرف پشتونخواہ میپ، بی این پی (مینگل) نیشنل پارٹی نہیں ہے یہاں دھرتی کے سپوت زندہ ہیں اور اپنی قبائلی وسیاسی نمائندگی کررہے ہیں بلوچستان عوامی پارٹی، اے این پی، بی این پی (عوامی)، جمہوری وطن پارٹی، ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کی اتحادی حکومت کے پاس اسمبلی میں 40 نشستوں پر نمائندگی ہے ،بلوچستان کے لوگ اب جان چکے ہیں کہ انکے نام پر سیاست کی گئی صوبے کے لوگوں سیاسی مراعات لینے کے لئے کیش کیا گیا لوگ باآسانی اپنی پوزیشن اور موقف تبدیل کر لیتے ہیں جس کے رد عمل میں بی این پی کے سردار اختر مینگل نے کہا کہ مسٹر باپ آپ اپنے ماہی پاپوں اور اسی طرح خوش رکھتے ہیں۔ بلوچستان انکا ہے جنہوں نے اسکے لئے اپنی زندگی، خون، بچوں کی قربانی دی ہے۔

شال بقیہ 2

چیلنج کیا تھا اور حالیہ فیصلے کو ڈپٹی کمشنر بلگلنر گوادر کیپٹن وسیم نے اسسٹنٹ ایڈوکیٹ جنرل ظہور احمد بلوچ کے توسط سے نظر ثانی کی درخواستوں کے ذریعے چیلنج کیا تھا جس میں دونوں نظر ثانی کی درخواستوں کو منظور کرتے ہوئے سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو کے فیصلوں کو کالعدم قرار دے دیا گیا ہے اس موقع پر فریقین کے وکلاء حکومت بلوچستان کے اسسٹنٹ ایڈوکیٹ جنرل ظہور احمد بلوچ، ڈیپ سی پورٹ GPA گوادر پورٹ اتھارٹی کی جانب سے امان اللہ کنرانی اور پرائیویٹ پارٹیز کی جانب سے عدنان بشارت ایڈوکیٹ بھی موجود تھے فیصلہ میں فریقین زہرہ بی بی وغیرہ کی 3167 ایکڑ اور ایسوسیٹ بلڈرز 333 ایکڑ زمین پر نجی ملکیت کے حق کو کالعدم قرار دیکر اور ریاست وحکومت کی زمین پر ملکیت کے حق کو تسلیم کیا گیا واضح رہے 1990 کی دہائی میں حکومت بلوچستان کی 12450 ایکڑ اراضی میں سے سرکاری اراضی 9459 ایکڑ ڈیپ سی پورٹ کو ہار لگانے کے لئے مختص کردیا جبکہ جولائی 1993 میں محکمہ جنگلات کو 4040 ایکڑ تجارکاری کے لئے لیز پر سنیئر ایم پی آر عبدالحکیم بلوچ نے الاٹ کی مگر اس اسوقت میر خدائیداد کلمتی نے سرکاری ملکیت پر اپنا دعویٰ قاضی تربت، کلیم شوری تربت میں ظاہر کرکے ڈگری حاصل کی جس کی بنیاد پر 1996 اور 1998 میں دونوں قطعات اراضی محکمہ مال وضلعی انتظامیہ کی ملی بھگت سے مروجہ ریونیو قوانین 1967 کے برعکس نجی ملکیت کا حصہ بنایا بعد ازاں حکومت بلوچستان کی اپیل پر جسٹس نادر درانی نے نگرانی کے دائرہ اختیار میں اپریل 2004 کے اندر ماتحت عدالتوں کے فیصلوں کو کالعدم قرار دیکر وہی سرکاری اراضی 12450 ایکڑ حکومت کے نام پر اندراج واپس کرنے کا حکم دیا یہ فیصلہ مخالف فریق نے سپریم کورٹ میں چیلنج کیا جو چیف جسٹس افتخار محمد سمیت نو ججوں نے اس فیصلے کو برقرار رکھا جس میں 9450 ایکڑ اراضی پر میر خدائیداد بعد میں ان کے ورثاء میر نظر اور زہروبی بی نے اس زمین کی حد تک فیصلے کو جزوی طور پر تسلیم کیا تاہم 3167 پر سرکار کے نام اندراج کو ہائی کورٹ میں تین مرتبہ چیلنج کیا بالآخر سپریم کورٹ نے بورڈ آف ریونیو کو حتمی فیصلہ کا حکم دیا جس پر 2020.9.28 کو فریقین کے دلائل سننے کے بعد محفوظ فیصلہ آج 2 بجے سنادیا گیا۔

شال بقیہ 3

ایجوکیشن شیر خان بازنی کے ہمراہ چمن پہنچے جہاں پر انہوں نے مختلف سکولوں کا دورہ کیا اور غیر حاضری دور سے آنے پر 3 اساتذہ کو معطل کردیا اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر حضرت ولی کاکڑ بھی موجود تھے۔ سردار یار محمد رند نے کہا کہ عمران خان کو پاکستان کے کروڑوں عوام نے ووٹ دیا ہے جب آصف زرداری اور میاں نواز شریف اپنی آئینی مدت پوری کرسکتی ہیں تو عمران خان کو بھی پوری کرنے دیجائے 2013 کے انتخابات میں دھاندلی کیخلاف عمران خان نے تین سال تک احتجاج کرتے رہے انہوں نے صرف چار حلقے کھولنے کا مطالبہ کیا حکومت نہ مانی جب عدالتوں نے چار حلقے کھلوائے تو تمیز سب کے سامنے آیا پاکستان تحریک انصاف کو پاکستانی عوام کی سپورٹ حاصل ہے ہمیں کسی کیساتھ گٹھ جوڑ کی ضرورت نہیں بلوچستان میں پاکستان تحریک انصاف، جمہوری وطن پارٹی اور دیگر جماعتیں بلوچستان عوامی پارٹی کے اتحادی ہیں۔

شال بقیہ 4

پشتونخواملی عوامی پارٹی کی اقتدار میں کرپشن کے کیسز زبان زد عام تھے۔ ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر امیر ظہور احمد بلیدی، میر سلیم کھوسہ، رکن صوبائی اسمبلی مبین خلجی اور وزیر اعلیٰ بلوچستان کے کوارڈینیٹر بلال کاکڑ نے کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ظہور احمد بلیدی نے کہا کہ 11 سیاسی جماعتوں نے ذاتی مفادات کیلئے ڈرامہ رچایا ہے پی ڈی ایم کے جلسوں میں جو زبان استعمال ہوئی اور جو بیانیہ دینے کی کوشش کی جارہی ہے وہ محب وطن پاکستانی کی نہیں ہوسکتی یہ سارے بیرونی ایجنڈے پر عمل پیرا ہیں، بلکہ چاہتے ہیں کہ نقصان پاکستان اور یہاں کے لوگوں کا ہو، پاکستان کے موجودہ مسائل کو بڑھاوا دینے میں سیاسی جماعتوں کا کردار ہے اقتدار میں صرف ان کا کردار بڑھا جب ان سے پیسوں کا جواب مانگا جاتا ہے تو انہیں جمہوریت خطرے میں لگتی ہے، بلکہ ایک سکرپٹ کے تحت اداروں کا مورال ڈاؤن کررہے ہیں، اس ادارے کا جس کے جوان ملک کیلئے قربانیاں دے رہے ہیں ان پر زبان درازی قابل افسوس ہے، بلوچستان عرصہ دراز سے پسماندہ رہا ہے جس کی ذمہ داری ان سیاسی جماعتوں پر عائد ہوتی ہے۔

شال بقیہ 5

خطاب کرتے ہوئے کہا۔ قبل ازیں مسلم لیگ (ن) کے رہنما کیپٹن صفدر کی گرفتاری اور اس کے بعد عدالت پیشی کے بعد پی ڈی ایم کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے پی ڈی ایم کا اہم اجلاس ہوا۔ اجلاس میں مریم نواز، اختر مینگل، میاں افتخار، اویس نورانی، راجہ پرویز اشرف، پرویز رشید، مریم اورنگزیب اور راشد محمود سومرو سمیت دیگر رہنما شریک ہوئے۔ اجلاس میں کیپٹن صفدر کی گرفتاری پر بات چیت اور مشاورت کی گئی۔ اجلاس کے بعد پریس کانفرنس کرتے ہوئے اپوزیشن اتحاد پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ (پی ڈی ایم) کے صدر مولانا فضل الرحمن نے کہا کہ پی ڈی ایم کے رہنما کیپٹن صفدر کو ہوٹل سے اس وقت گرفتار کیا گیا جب ان کی اہلیہ بھی وہاں موجود تھی۔ انہوں نے کہا کہ رینجرز نے ان کے کمرے پر دھاوا بولا اور دروازہ توڑا، کیا ہمارے معاشرے میں ایک خاتون کی یہ عزت ہے۔ مولانا فضل الرحمن نے کہا کہ حکومت سندھ نے اس حوالے سے اپنا موقف دیا ہے کہ وزیراعلیٰ کو اس معاملے سے بے خبر رکھا گیا جس کے بعد واضح ہوگیا ہے کہ حکومت کس کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس سے لگتا ہے کہ موجودہ حکومت کے جانے کا وقت آگیا ہے۔

شال بقیہ 6

اطلاعات ونشریات نے کہا کہ 2018 کے الیکشن میں عوام نے ان عناصر کو مسترد کردیا۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ ماضی میں اداروں کو کمزور اور ذاتی مفادات کو تحفظ دینے کی سیاست ہوئی، یہ کاروباری لوگ تھے، انہوں نے اپنی سہولت کے مطابق نظام چلایا۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ وزیراعظم عمران خان ملک کی ترقی اور مسائل کے حل کیلئے پرعزم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن نے ایف اے ٹی ایف سے متعلق قانون سازی پر بلیک میل کرنے کی کوشش کی۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ حکومتی اقدامات سے معیشت کو استحکام ملا اور اقتصادی اشاریے بہتر ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ ترسیلات زر اور برآمدات میں اضافہ جبکہ جاری کھاتوں کے خسارے میں نمایاں کمی ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ یہ سوالوں کے جواب دینے کی بجائے چوری کیساتھ سینہ زوری بھی کرتے ہیں۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ اپوزیشن ناکام شو کررہی ہے۔

شال بقیہ 7

کے کامیاب جلسوں سے حکمران بوکھلاہٹ کا شکار ہو گئے ہیں اور اس دوران انہوں نے کیپٹن صفدر کو گرفتار کیا جس کی ہم شدید مذمت کرتے ہیں حکمرانوں کے ایسے اوچھے ہتھکنڈے سے عوام واقف ہوچکی ہے حکمرانوں کی نااہلی کی وجہ سے آج ہر طرف افراتفری ملک میں مہنگائی بے روزگاری اور بدامنی عروج پر ہے۔

شال بقیہ 8

بلوچستان ترقی کی راہ پر گامزن ہیں انشاء اللہ عنقریب چاغی عوام چاغی ڈسٹرکٹ میں ہر حوالے سے تبدیلی محسوس کرینگے اس موقع پر رکن صوبائی اسمبلی برائے اقلیتی امور دیش کمار نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا واجد بین ہندو محلہ سے لیکر شمشان گاٹ تک روڈ، ہندو محلہ آر او پلانٹ، سیاہ جنگل ٹیوب ویل، اور واجد بین پی ایچ دفتر میں ایک بڑی ٹینکی بھی بنائی گئی ہیں جس سے نا صرف ہندو محلہ بلکہ واجد بین بھر کے عوام کو پانی کی سپلائی میں مدد گار ثابت ہوگا انکا مزید کہنا تھا پاکستان ہمارا ملک ہے ہمیں کسی سے محب وطن کا سرٹیفکیٹ لینے کی ضرورت نہیں ہے پاکستانی پرچم میں سفید رنگ ہمارے اقلیت برادری کا واضح نشان ہے۔

شال بقیہ 9

چاہیے کہ قومی اداروں کے خلاف بیانیہ کون دے رہا ہے اور کن کے اشاروں پر چل رہے ہیں انہوں نے کہا کہ سارا واویلا کرپشن کو پس پشت ڈالنے کیلئے کیا جارہا ہے انہوں نے کہا کہ اپوزیشن نے ملک کے ساتھ جو کھلواڑ کیا، اس کا خمیازہ آج ملک قوم بھگت رہے ہیں انہوں نے کہا کہ اپوزیشن میں شامل جماعتیں ملک میں ترقی کا پہیہ روکنا چاہتے ہے انہوں نے کہا کہ نواز شریف کا ملکی ادارے کو اپنے تقریر تنقید کا نشانہ بنانے کی ہم شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہے اور مطالبہ کرتے ہے کہ نواز شریف جو کہ بیماری کے بہانے سے ملک سے بھاگ گیا ہے انہیں گرفتار کرکے ان سے قوم کی لوٹی ہوئی دولت واپس کرکے انہیں کیفر کردار تک پہنچایا جائے انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم کے احتجاج مقصد صرف اور صرف ایوبیاؤ مہم جو کہ انہیں ایوبیاؤ مہم کامیابی نہیں ملے گا انہوں نے کہا کہ 73 سالوں سے ان مکس اچار نولہ برسراقتدار رہے موجودہ حکومت کی دو سال ہوچکی جو کہ برسراقتدار آئی ہے 73 سالوں میں یہ مکس اچار ٹولے نے ملکی خزانے کو لوٹنے کے سوا کچھ نہیں کیا ہے انہوں نے کہا کہ اپوزیشن جتنا بھی احتجاج کرے حکومت اپنی پانچ آئینی مدت پورا کریگا۔

شال بقیہ 10

میں انہوں نے کہا کہ کراچی میں نکاسی کا نظام بہتر بنانے کے ساتھ ساتھ صوبہ کے عوام کے مسائل کے حل کے لئے سندھ حکومت کو کھربوں روپے فراہم کئے گئے مگر کوئی مثبت تبدیلی دیکھنے کو نہیں ملی۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کی حکومت اور وزیراعظم عمران خان بدعنوان رہنماں کو این آر او نہیں دیں گے۔

شال بقیہ 11

بین الافغان مذاکرات سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ بیج کو وزیر خارجہ نے حزب اسلامی افغانستان کے سربراہ گلبدین حکمت یار اور ان کے وفد کو وزارت خارجہ آمد پر خوش آمدید کہا۔ گلبدین حکمت یار نے کہا کہ پاکستان، کو ہم اپنا دوسرا گھر سمجھتے ہیں۔ شاہ محمود قریشی نے کہا کہ خطے کا امن و استحکام، افغانستان میں مستقل امن سے مشروط ہے، پاکستان، خلوص نیت کے ساتھ افغان امن عمل میں اپنا مصالحانہ کردار ادا کررہا ہے اور آئندہ بھی کرتا رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم عمران خان نے واضح طور پر کہا تھا کہ افغان مسئلے کے دیرپا حل، کا واحد راستہ، افغانوں کو قابل قبول سیاسی مذاکرات ہیں، ہمیں خوشی ہے کہ آج عالمی سطح پر، پاکستان کے موقف کو سراہا جارہا ہے۔

شال بقیہ 12

شک نہیں کہ بہت مہنگائی ہے، ایک سیٹ کا وزیر ہوں مگر عمران خان میری بات سنتا ہے، دو ماہ میں مہنگائی کا جن بوتل میں بند ہوجائے گا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان کو اسطرح لوٹا گیا کہ مہنگائی دو سال سے ہمارے کھاتے پڑگئی۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن کے کوئٹہ کے جلسے کے بعد ہم بھی کچھ کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ قائداعظم کے مزار کی بے حرمتی کرنے والوں کو سزا ملنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ مارچ میں سینیٹ میں اکثریت پاکستان تحریک انصاف کی ہوگی۔

شال بقیہ 13

نورالحق بلوچ کو مستقل سیکرٹری کی تعیناتی تک محکمہ صحت کا اضافی چارج تفویض کردیا گیا ہے۔

شال بقیہ 14

کیپٹن صفدر کو سمن جاری کئے جاتے وہ خود پیش ہوجاتے۔ میں سمجھتا ہوں عوام الناس کو سوچنا چاہیے کہ جمہوری لوگ کتنے کمزور ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اب وفاقی حکومت کو عوام کو جواب دہ ہونا ہوگا، آپ کا کام تھا مہنگائی بے روزگاری ختم کرنا نا کہ چادر چار دیواری کو پامال کرنا، آئی سندھ سے متعلق خبریں سوشل میڈیا پر چل رہی ہیں، اس پر سندھ حکومت ہی موقف دے سکتی ہے۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ سندھ حکومت کتنی بے بس ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام تو سندھ حکومت سے پوچھے گی اور سندھ حکومت اپنے ماتحت اداروں سے پوچھے گی کیا ہورہا ہے، اب ماتحت ادارے حکومت کے انڈر نہیں ہیں تو آپ خود سمجھ لیں کہ کس کی گورننس ہے، کیا گورننس ہے اور کون گورننس کررہا ہے۔

شال بقیہ 15

الرحمان پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ مولانا فضل الرحمان نے رٹ لگا رکھی ہے کہ یہ اسمبلی جعلی ہے، مولانا فضل الرحمان جس اسمبلی کو جعلی کہتے ہیں اسی سے صدر بننے کی کوشش کی، وہ طویل عرصہ کشمیر کمیٹی کے چیئرمین رہے لیکن اس کاز کیلئے کیا کیا؟۔ کیپٹن فراز نے کہا کہ ایک نوسر باز خود کو پیار بنا کر ملک سے باہر چلا گیا، نواز شریف قانون سے بالاتر نہیں، انہیں واپس آکر جواب دینے چاہئیں، نواز شریف کی واپسی کیلئے حکومت اقدامات کرے گی، انہیں واپس لاکر عام جیل میں ڈالیں گے۔ کیپٹن ریٹائرڈ صفدر کی گرفتاری پر شیلی فراز نے کہا کہ قائداعظم کے مزار پر بلڑ بازی کوئی برداشت نہیں کرسکتا، کیپٹن (ر) صفدر نے پاکستان اور عوام کی توہین کی ہے اس لیے وہ گرفتار ہوئے، انہیں کس نے گرفتار کیا اسے بھول جائیں، ان کا جرم دیکھیں اور اس کا سیاست سے کوئی تعلق نہیں۔

شال بقیہ 16

نعرے ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی کی جانب سے تالے توڑ کر گرفتاری پر مذمت کرتے ہیں، سندھ حکومت اس واقعہ کی مذمت کرتی ہے، ابھی اس واقعے کی تفصیلات آئیں گی۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے پرامن جلسوں نے ان کے پاؤں اکھاڑ دیے، جلسے پر پی ڈی ایم کے منکور ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں پکڑ دھکڑ کی دھمکیاں مل رہی ہیں، آپ کو یہ اقتدار راس نہیں آنے والا۔ انہوں نے کہا کہ صبح چار بجے دروازے توڑ کر گرفتاری کس جمہوریت میں آتی ہے، پولیس نے تو ایف آئی آر درج کرنے سے انکار کیا تھا۔

شال بقیہ 17

نے حکومتی دھمکیوں کو جوتے کی نوک پر رکھ کر جلسہ عام میں شرکت کرکے سلیکٹڈ حکمرانوں کو مسترد کردیا ہے جس کا واضح ثبوت وفاقی اور صوبائی وزراء اور کرایے کے ترجمانوں کی پریس کانفرنسیں ہیں۔ یہ بات انہوں نے پاکستان پیپلز پارٹی صوبائی، ضلعی اور سٹی کے عہدیداروں کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ گوجرانوالہ اور کراچی میں ہونے والے پیڈی ایم کے جلسے تاریخ ساز تھے جس کے نتیجے میں اقتدار کے ایوانوں میں ہلچل پیدا ہوچکی ہے۔

شال بقیہ 18

محلہ، ہندو محلہ، افغان محلہ، حسین آباد محلہ، فردوس کالونی سمیر شہر کے دیگر محلوں میں نالیوں کا گندہ پانی ٹھہرا ہوا ہے اور جگہ جگہ گندگی کے ڈھیر پڑے ہوئے ہیں میونسپل کمیٹی کی جانب سے شہر میں کوئی صفائی ستھرائی نہیں کی جارہی ہے اعلیٰ حکام اس جانب توجہ دے اور شہر میں صفائی ستھرائی کی صورت حال کو برقرار رکھا جائے۔

شال بقیہ 19

غصب کیجئے جارہیں کنٹریکٹ اور پراجیکٹ ملازمین مستقل ہونے کے انتظار میں بوڑھے ہوگئے کئی ماہ کی تنخواہیں ادا نہیں کی گئیں۔ ملازمین و مزدوروں کو وقت پر تنخواہیں ملتی ہیں نہ اوور ٹائم دیا جاتا ہے بے لگام افسران لیبر قوانین اور عدالتی فیصلوں کو مذاق سمجھ رہے ہیں جس کا ذمہ دار رجسٹرار ٹریڈ یونین اور ڈی جی لیبر بلوچستان ہیں کیونکہ صوبے میں ٹریڈ یونین پر پابندیو کے اصل ذمہ دار رجسٹرار ٹریڈ یونین ہیں اندرون بلوچستان ملازمین ومزدوروں کے مسائل حل نہیں ہورہے جسکی وجہ سے ملازمین میں شدید بے چینی پائی جاتی ہے۔ ان تمام مسائل کے پیش نظر بلوچستان ورکرز فیڈریشن نے فیصلہ کیا ہے کہ 21 اکتوبر 2020 بروز بدھ بلوچستان لیبر فیڈریشن کی کال پر کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں احتجاجی مظاہروں ریلیوں اور جلسوں میں بھرپور شرکت کی جائے گی۔ اور حکومت بلوچستان سے صوبے کے ملازمین کا استحصال ختم کرنے اور مسائل حل کرنے کا مطالبہ کیا جائیگا۔ مزدور اور ملازمین 21 اکتوبر کے احتجاجی پروگرام مظاہروں میں شرکت کریں۔

شال بقیہ 20

شاہ اسمٰعیل دریں یا آئی جی سندھ ہو، آپ کا آئی جی آپ کے کنٹرول میں نہیں تو آپ کس بات کے وزیراعلیٰ ہیں۔ علی زیدی نے کہا کہ مریم نواز نے کہا ہوٹل کا دروازہ توڑ کر کیپٹن (ر) صفدر کو گرفتار کیا گیا، کیا فائیو اسٹار ہوٹل کا دروازہ لات مارنے سے ٹوٹ جاتا ہے؟ وہ گانا گاتے ہوئے پولیس کی موبائل میں بیٹھے۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ گرفتاری کے معاملے پر سندھ پولیس کا نوٹ ڈیلیٹ کیوں ہوا؟ دنیا نے وہ نوٹ دیکھا جس میں لکھا گیا گرفتاری قانون کے مطابق ہوئی، پولیس نے پہلے نوٹ میں مقدمہ درج اور میرٹ پر کارروائی کا بولا، سندھ پولیس نے پھر اپنا ہی نوٹ ڈیلیٹ کیا۔ علی زیدی نے کہا کہ ان لوگوں نے تماشا لگایا ہوا ہے، ہزار قائد کا تقدس پامال کیا اور تالیاں بجائیں، وہ اجلاس کررہی ہیں انہیں بھی گرفتار کریں، پوری پارٹی پارلیمنٹ میں تحریک استحقاق جمع کروائے گی۔ انہوں نے کہا کہ چیف سیکریٹری سندھ کو بھی کٹہرے میں کھڑا کریں گے، پولیس سوچ میں ہے گرفتار کریں کہ نہ کریں، ملک میں قانون کی بالادستی ہونی چاہئے۔

شال بقیہ 21

علاوہ اخباری اشتہارات میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ نواز شریف کو انتخابات میں حصہ لینے کے لیے نااہل قرار دیا گیا۔ اشتہار میں کہا گیا کہ ایون فیلڈ ریفرنس میں 19 ستمبر 2018 کو نواز شریف سزا معطل ہونے پر ضمانت پر رہا ہوئے، ایون فیلڈ ریفرنس میں اپیل زیر سماعت ہے اور نواز شریف عدالت میں پیش ہونے کے پابند تھے۔ اشتہار میں کہا گیا کہ العزیزیہ اسٹیل ملز ریفرنس میں نواز شریف کو 7 سال قید اور ڈیڑھ ارب روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی، نواز شریف کی العزیزیہ ریفرنس میں 8 ہفتوں کی ضمانت منظور کی گئی۔ قومی اخبارات میں شائع اشتہار میں کہا گیا کہ نواز شریف کی حاضری یقینی بنانے کے لیے وارنٹ گرفتاری جاری ہوئے جن کی تعمیل نہ ہوسکی، نواز شریف 24 نومبر کو عدالت میں پیش ہوں۔

شال بقیہ 22

پی ڈی ایم سمیت 22 کروڑ عوام کی نظریں میاں نواز شریف اور مسلم لیگ (ن) پر ہیں 25 اکتوبر کے جلسے میں مسلم لیگ (ن) کے کارکن بھرپور شرکت کرکے ثابت کریں گے مسلم لیگ (ن) بلوچستان میں زندہ اور فعال ہے آنے والا دور مسلم لیگ (ن) کا ہے۔ یہ بات انہوں نے پیر کو کوئٹہ میں 25 اکتوبر کو پی ڈی ایم کے جلسے کے حوالے سے مسلم لیگ (ن) کے عہدیداروں اور کارکنوں کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر میر صلاح الدین رند، نعمان خان ناصر، سردار چنگیز ساسولی، میر عرفان کرد، شاکر محمد حسنی، نصیر خان اچکزئی، عبدالرحیم کاکڑ، اسلم رند، طارق بٹ، بیرک سہیل سمیت عہدیداران اور کارکنوں کی بڑی تعداد موجود تھی۔ انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم کے جلسوں سے خوفزدہ وفاقی حکومت اوچھے ہتھکنڈوں پر اتر آئی ہے مسلم لیگ (ن) بلوچستان کیپٹن (ر) صفدر کی گرفتاری کی بھرپور انداز میں مذمت کرتی ہے۔

شال بقیہ 23

مقامات پر چھاپے مارے انہوں نے کہا کہ منشیات ایک زہر قاتل ہے جو کہ ہماری نوجوان نسل کو دیمک کی طرح کھا چاٹ رہی ہے انہوں نے کہا کہ منشیات کے اڈوں کا قلع قمع کردیا جائے گا سول سوسائٹی اس سلسلے میں بھی اپنا کردار ادا کریں۔

شال بقیہ 24

ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ موجودہ سلیکٹڈ حکمرانوں کی دو سالہ مایوس کن کارکردگی اور تاریخی مہنگائی کی وجہ سے عوام کی قوت خرید اور قوت برداشت جواب دے چکی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ تاریخ میں پہلی مرتبہ عوام سیاستدانوں سے آگے نکل چکی ہیں۔ اور عوام پی ڈی ایم کو نجات دہندہ سمجھ کر بھرپور ساتھ دے رہی ہیں۔ پی ڈی ایم کے کامیاب جلسوں کے پیچھے اپوزیشن کی زیادہ محنت کے بجائے موجودہ سلیکٹڈ حکمرانوں کی نااہلی اور مایوس کن کارکردگی کا بڑا عمل دخل ہے انہوں نے کہا نااہل حکمرانوں کا جانا ضمیر گیا یہ 22 کروڑ عوام کا فیصلہ ہے۔

شال بقیہ 25

عبدالکریم ولد عبدالرحیم ساکن گنج محلہ ژوب کو گرفتار کرکے جس کے قبضے سے 110 گرام چرس و 16 گرام شیشہ کرسٹل برآمد کرکے مقدمہ درج کردیا پولیس مزید تفتیش کررہی ہیں اور منشیات فروشوں کے خلاف آپریشن جاری رہیگی۔

شال بقیہ 26

پسند افراد کو نوازنے کیلئے کوئٹہ میں صفائی کا نظام جان بوجھ کر خلیدار کے حوالے کرنے کیلئے میونسپل ایکٹ میں ترمیم کرنے کیلئے کالے قوانین شامل کرنے کیخلاف بھرپور جدوجہد اور احتجاجی تحریک چلانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اس حوالے سے گزشتہ روز ایک اہم اجلاس منعقد کیا گیا جس میں مختلف مسائل پر غور کیا گیا اور فیصلے کئے گئے۔ اجلاس میں ایل سی ایس میونسپل کارپوریشن ایمپلائز ایکشن کمیٹی کے آرگنائزر دلاور خان کاکڑ آرگنائزنگ سیکرٹری حافظ منیر احمد کو نامزد کیا گیا۔

شال بقیہ 27

کے ذہنوں کو دیمک کی طرح چاٹ رہی ہے۔ اس کے خاتمے کے لیے ہم سب کو مشترکہ کوششیں کرنی چاہئیں۔ ان خیالات کا اظہار انھوں نے امتحانی سینٹر گورنمنٹ ایلیمنٹری ہائی اسکول ڈیرہ مراد جمالی اور گورنمنٹ ماڈل ہائی سکول ڈیرہ مراد جمالی میں جاری ایف اے ایف ایس سی کے امتحانات کے دورے کے موقع پر طلبہ اور میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر سپرنٹنڈنٹ نور حسین بگٹی نے امتحانی سپروائزری عملے کی جانب سے نقل کی روک تھام اور ایس او پیز کے حوالے سے اٹھائے گئے اقدامات کو سراہا۔ انھوں نے کہا کہ چیئرمین بلوچستان بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کوئٹہ پروفیسر یوسف بلوچ کی سخت اقدامات کی روشنی میں تمام امتحانی مراکز کا دورہ کررہے ہیں اور وہاں کے عملے کو نقل کی روک تھام کے لیے احکامات دے رہے ہیں۔ الحمد اللہ تمام امتحانی مراکز میں احسن طریقے سے امتحانات جاری ہیں اور کرونا وائرس سے بچاؤ کے لیے حکومتی ایس او پیز پر عمل درآمد کیا جارہا ہے۔

شال بقیہ 28

حق تفصیلات کے مطابق ہزارہ ڈم کوئلہ کانوں سے ڈپوں تک کوئلہ سپلائی کرنے والے ٹریکٹر ٹرالی کی بریک فیل ہونے کے باعث حادثہ کا شکار ہوکر گہری کھائی میں جاگرا جس کے نتیجے میں ٹریکٹر ڈرائیور محمد نسیم جان بحق ہوگیا اطلاع ملنے پر لوگوں نے محمد نسیم کی لاش کو گہری کھائی سے اپنی مدد آپ کے تحت ہسپتال منتقل کیا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کردی گئی۔

شال بقیہ 29

ضروری مرمت کے سلسلے میں 20 اکتوبر کو 220 کے وی خضدار گرڈ اسٹیشن پر صبح 10 بجے سے دوپہر 1:30 بجے تک کام کیا جائے گا جس کے باعث پیدا ہونے والی 50 میگاواٹ کی برقی قلت کو لوڈ مینجمنٹ کے ذریعہ پورا کیا جائے گا نیز اسی روز گوادر اور ماڑہ گرڈ اسٹیشن سے صبح 9 بجے سے دوپہر 2 بجے تک جبکہ 132 کے وی مل اور زہری گرڈ اسٹیشن سے صبح 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند رہے گی۔ اسی طرح 21 اکتوبر کو کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے ملک پلانٹ فیڈر سے صبح 11 بجے سے دوپہر 2 بجے تک بجلی بند ہوگی علاوہ ازیں سبی اور ڈیرہ مراد جمالی گرڈ سے صبح 10 بجے تا دوپہر 2 بجے بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔ تاہم کیسکو نے بجلی بندش سے زحمت پر متعلقہ صارفین سے معذرت کی ہے۔

شال بقیہ 30

افتتاح کیا، اس موقع پر شعبہ شوگر وائیڈ و کرانولوجی کے سربراہ ڈاکٹر ظفر اللہ خان، ڈی ایم ایس ڈاکٹر مجیب کھیرانی، ایسوسی ایٹ پروفیسر شعبہ میڈیسن ڈاکٹر کلیم اللہ، ینگ ڈاکٹر ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری ڈاکٹر حنیف لونی، آر ایم او OPD ڈاکٹر اقبال کاسی، ڈاکٹر محمد نعیم خان، ڈاکٹر شیر زمان کاکڑ، ودیگر ڈاکٹرز نے شرکت کی شوگر اور اینڈ و کرانولوجی کی او پی ڈی میں گلے کے غدود، موٹاپا، بے اولادی، ہڈی پریشر، ہارمونل مسائل اور ہڈیوں کے درد کے مریضوں کا علاج کیا جائے گا ایم ایس سول ہسپتال کوئٹہ ڈاکٹر جاوید اختر نے کہا کہ شوگر کی او پی ڈی کے آغاز سے ہسپتال آنے والے مریضوں کے لیے خوش آئند ہے۔

شال بقیہ 31

ایم اے، محکمہ بلدیات، محکمہ زراعت سے متعلق سوالات دریافت کئے جائیں گے جبکہ بلوچستان کیڈٹ کالجز کا مسودہ قانون 2020 کیا جائیگا اجلاس میں 5 مختلف مجالس قائمہ کی افتتاحی تقاریب خالی آسامیوں کو پر کرنے کی تحاریک بھی پیش کی جائیں گی۔

شال بقیہ 32

صفدری گرفتاری پر مریم نواز نے سوال کیا ہے کہ مریم نواز سندھ پولیس ان دنوں آپ کے حلیف بلاول بھٹو زرداری کے مکمل اور براہ راست کنٹرول میں ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ یا تو آپ کے شوہر کی گرفتاری آپ نے اور آپ کے نئے اتحادی نے پیپلز اسٹنٹ کی خاطر کروائی، یا آپ ایک دوسرے کے خلاف کام کررہے ہیں، آپ بتائیں ان میں کون سی بات سچ ہے؟۔

شال بقیہ 33

کرتے ہوئے کہا ہے کہ اداروں کے خلاف مریم کا بیانیہ جلسوں کی طرح بری طرح ناکام ہوگیا۔ اپنے بیان میں عثمان ڈار نے کہا کہ مریم نواز نے تقریر میں دراصل اپنے خاندان کی بے روزگاری کا ذکر کیا، مریم کی تقریر کم والد کی بے روزگاری کا ماتم زیادہ تھا۔ انہوں نے کہا کہ مریم نے کہا جو بزدل ہے وہ ہٹ جائے، جو بزدل تھا وہ تو لندن بھاگ گیا، خود کو قانون سے بالاتر سمجھنے والا نواز پہلی بار قانون کی گرفت میں آیا ہے۔

شال بقیہ 34

امدادی قیمت کا مزید جائزہ لینے کیلئے کمیٹی بنادی۔ ذرائع کے مطابق کمیٹی گندم کی امدادی قیمت کا جائزہ لے گی، کمیٹی میں وفاقی وزراء فخر امام، عمر ایوب، ندیم بابر، اسد عمر، خسرو بختیار شامل ہیں، ذرائع کے مطابق کمیٹی گندم کی فی من امدادی قیمت مقرر کرنے کیلئے تجاویز تیار کرے گی، ذرائع کے مطابق گندم کی فی من قیمت میں 345 روپے اضافے کی تجویز دی گئی تھی۔ ذرائع کے مطابق کے پی کے نے گندم کی اٹھارہ سو روپے امدادی قیمت مقرر کرنے کی تجویز دی تھی، پنجاب نے 14 سو روپے سے بڑھا کر 1650 روپے مقرر کرنے کی تجویز دی تھی، بلوچستان نے 17 سو 45 روپے فی من مقرر کرنے کی تجویز دی تھی۔ ذرائع کے مطابق سندھ نے فی من گندم کی امدادی قیمت کیلئے

گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی سے یونیورسٹی آف بلوچستان کے قائمقام وائس چانسلر ڈاکٹر سعود تاج ملاقات کر رہے ہیں

پیپلز پارٹی صوبائی حکومت میں رہ کر اقتدار کے مزے لوٹ رہی ہے، پاکستان تحریک انصاف

عوامی نیشنل پارٹی پی ٹی آئی کے تعاون سے بلوچستان حکومت میں منسٹرز کے مزے لوٹ رہی ہیں

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سیکرٹریٹ سے جاری کردہ بیان میں کہا کہ الطاف حسین نمبر 2 نواز شریف کراچی جلسے سے غائب اور اپنی ذاتی مفادات کے خاطر ملکی اداروں کے خلاف بیرونی ایجنڈے پر عمل کرنے والوں سے پاکستانی قوم بخوبی واقف ہیں پیپلز پارٹی کے سینئر قیادت کا نواز شریف پر عدم اعتماد اور این آر او کی مطالبے سے انکے اصل چہرے بے نقاب ہو گئے ہیں بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

بلوچستان کا مستقبل طلباء سے وابستہ ہے' چیئرمین بلوچستان بورڈ

مستقبل کے چیلنجز کے لیے محنت و لگن اور شوق کے ساتھ اپنی تعلیم پر توجہ دیں

مستگنگ (نامہ نگار) چیئرمین بلوچستان بورڈ پروفیسر محمد یوسف بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان کا مستقبل طلباء سے وابستہ ہے مستقبل کے چیلنجز کے لیے محنت و لگن اور شوق کے ساتھ اپنی تعلیم پر توجہ دیں ان خیالات کا اظہار انٹرمیڈیٹ سینئرز کے دورے کے موقع پر طلباء و طالبات سے خطاب کرتے ہوئے کیا چیئرمین بلوچستان بورڈ پروفیسر محمد یوسف بلوچ نے ایف اے/ایف ایس سی امتحانات کے دوران گورنمنٹ اسٹیشن ہائی سکول سینئر 1 اور 2 سینئرل ہائی سکول گورنمنٹ گرلز ہائی سکول مشن روڈ تعمیر نو کالج بروری اسلامیہ کالج کوئٹہ سمیت دیگر سینٹرز کا دورہ کیا اس موقع پر سپرنٹنڈنٹ سٹاف اور امیدواروں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آپ کی زندگیاں ہمیں عزیز ہیں آپ امتحانی ہال کے اندر کرونا وائرس سے بچاؤ کے ایس بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

وزیر اعلیٰ بلوچستان ایک مخلص اور عوام دوست لیڈر ہے' عنایت اللہ بابر

مستگنگ (نامہ نگار) وزیر اعلیٰ بلوچستان ایک مخلص اور عوام دوست لیڈر ہے کرونا جیسے ہنگامی حالات کے دوران بھی دن رات عوامی مسائل کے دوران مصروف عمل رہے اللہ تعالیٰ انہیں جلد صحت کاملہ عطا فرمائے ان خیالات کا اظہار بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

خس سے مس نہیں ہوتی حکومت وقت نے تعلیم دشمن پالیسی اپنا رکھی ہے' محمد طاہر ایک

لورالائی (آن لائن) بہاؤالدین ذکریا یونیورسٹی ملتان کے طلباء سڑکوں پر رل گئے لیکن حکومت ہے کہ خس سے مس نہیں ہوتی حکومت وقت نے تعلیم دشمن پالیسی اپنا رکھی ہے انہیں بلوچستان کے مستقبل سے کھیلنے کی اجازت نہیں دیں گے۔ پی ٹی ڈی میں پڑھنے والے بلوچستان کے طلباء کے مسائل سنجیدگی سے حل کرائیں۔ پنجاب کی بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

صحت کے شعبے کیلئے مختص وسائل کو عوام کی بہبود پر خرچ کرنا ہوگا' پارلیمانی سیکرٹری

وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان صحت کے شعبے میں نمایاں بہتری کے لیے ایک جامع ویژن رکھتے ہیں

صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں 25 سے 30 مقامات پر بے بی فیڈ کارنر اینڈ نرسنگ روم قائم کئے جائیں گے، پارلیمانی سیکرٹری صحت

کوئٹہ پی ڈی ایم بلوچستان کے رہنماؤں کا وفد کوئٹہ میں جلسہ عام کی سیکورٹی سے متعلق ایس ایس پی کوئٹہ سے ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں کوئٹہ انٹرنیشنل ایئر پورٹ پر ملک کے پہلے ایئر پورٹ بے بی فیڈ کارنر اینڈ نرسنگ روم کا افتتاح کر دیا گیا ہے محکمہ صحت نیوٹریشن پروگرام کے تحت قائم اس بے بی فیڈ کارنر اینڈ نرسنگ روم کا افتتاح پارلیمانی سیکرٹری صحت ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کیا اس موقع پر پروونشل ڈائریکٹر نیوٹریشن پروگرام ڈاکٹر امین اللہ مندوخیل، ہیلتھ نیوٹریشن اینڈ ایجوکیشن آفیسر فیض محمد بزنجو، کوئٹہ انٹرنیشنل ایئر پورٹ کے جنرل منیجر محمد قاسم غلجی، ایئر پورٹ سیکورٹی فورس کے افسران عصمت خان، محمد حشمت سمیت دیگر افسران بھی موجود تھے افتتاحی تقریب سے خطاب بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

25 اکتوبر متحدہ اپوزیشن کے جلسہ جعلی حکمرانوں کی تابوت میں آخری کیل ثابت ہونگے' میر زابد جان لہڑی

موجودہ حکمرانوں نے غریب عوام کے منہ کا نوالہ چھین لیا' آئے روز ملک میں مہنگائی بیروزگاری جیسے ریلیف نے عوام کا جینا حرام کر دیا

مستگنگ (نامہ نگار) 25 اکتوبر متحدہ اپوزیشن کے جلسہ جعلی حکمرانوں کی تابوت میں آخری کیل ثابت ہونگے۔ گوجرانوالہ اور کراچی کے فقید المثال کامیاب جلسوں نے ثابت کر دیا کہ عوام موجودہ حکومت سے بیزار ہو چکے ہیں موجودہ حکمرانوں نے غریب عوام کے منہ کا نوالہ چھین لیا آئے روز ملک میں مہنگائی بیروزگاری جیسے ریلیف نے عوام کا جینا حرام کر دیا 25 اکتوبر بلوچستان کے غیور عوام نااہل حکمرانوں کے خلاف میدان میں نکلنے کا عہد کر چکے ہیں ان خیالات کا اظہار جمعیت علماء اسلام جوبان بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

18 اکتوبر 2007 سانحہ کارساز کے شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، بلال صادق عمرانی

پیپلز پارٹی کے کارکنوں نے ہمیشہ جمہوریت آئین کی بالادستی پارلیمان اور بنیادی حقوق کے لیے شہادتیں دیں ہیں

بھاگ (این این آئی) بھاگ میں سانحہ کارساز کے شہداء کے حوالے سے تعزیتی ریفرنس کا انعقاد کیا گیا اور شہداء کارساز کو خراج عقیدت پیش کیا گیا جس میں پیپلز پارٹی کے ڈویژنل صدر بلال صادق عمرانی ممبر صوبائی کونسل سید نصیر احمد شاہ دوپاسی بولان کے ضلعی صدر وزیر عبدالرشید ایڈووکیٹ ضلعی صدر پیپلز یوتھ آرگنائزیشن محمد فضل ساسولی کامریڈ وحید مغیری پی ایس ایف ضلع جعفر آباد سجاد عمرانی پیپلز بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

جھالاوان عوامی نیشنل اپنی عوام دوست اور جمہوری پالیسیوں کی وجہ سے مقبولیت کی منزلوں کو چھو رہی ہے' میر سعد اللہ کنگو

خضدار (نامہ نگار) جھالاوان عوامی نیشنل کے رہنماء میر سعد اللہ کنگو نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ جھالاوان عوامی نیشنل اپنی عوام دوست اور جمہوری پالیسیوں کی وجہ سے مقبولیت کی منزلوں کو چھو رہی ہے جھالاوان کے عوام کے حقوق کے تحفظ ان کے مسائل میں کی کیلئے جھالاوان بقیہ نمبر 64 صفحہ 3 پر

25 اکتوبر کو کوئٹہ میں جلسے عام ملکی تاریخ کا سب سے بڑا جلسہ عام ہوگا' مولانا عبداللہ مسلم

نااہل اور سلیکٹڈ حکومت نے اپنے تمام تر دعوں سے یوٹرن لیتے ہوئے ملک کو بحرانوں سے دوچار کر دیا ہے

حکومت کی نااہلی کی وجہ سے آج ملک کے تمام ادارے تباہ ہو گئے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے جنرل کونسل اراکین مولانا عبداللہ مسلم مولانا مفتی محمد روزی خان بادینی میر اسحاق ڈاکٹر شاہوانی میر حاجی حبیب اللہ کرانی مولانا محمود الحسن الحسنی میر حشمت لہڑی میر شبیر احمد کرد مولانا حاجی وزیر محمد بزنجو مولانا محمد عثمان پرکانی مولانا ملتی نصیب اللہ مولانا محمد یونس خراسانی قاری بشیر احمد آمین اللہ جان رند مولانا محمد اکبر میانگل مولانا عنایت اللہ پرکانی مولانا ثناء اللہ عیسیٰ خیل محمد قاسم بلنگو و حافظ اختر محمد مدنی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ 25 اکتوبر کو کوئٹہ بقیہ نمبر 65 صفحہ 3 پر

ملک میں آئین کے تحفظ کیلئے میدان جنگ میں نکلیں ہیں' یو آئی

موجودہ حکومت عوام کے ووٹوں سے برسر اقتدار نہیں آئی بلکہ اسے ہم پر کٹھ اور مسلط کیا گیا

ملک میں یہودی لابی ختم نبوت کے قانون کو چھیڑنے سے باز آجائیں ہم انکاؤنٹ کر مقابلہ کریں گے، مولانا صلاح الدین ایوبی

لورالائی (این این آئی) یو آئی لورالائی کے زیر اہتمام ختم نبوت ریلی اور جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے یو آئی کے صوبائی سیکرٹری مالیات رکن قومی اسمبلی مولانا صلاح الدین ایوبی صوبائی سالار حامی رحمت اللہ صوبائی سرپرست ضلعی امیر و سابق صوبائی وزیر مولانا فیض اللہ جنرل سیکرٹری عطاء اللہ کاکڑ ضلعی سالار مولوی عبداللہ جان صافی سابق وفاقی وزیر مولانا امیر زمان و دیگر بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر

لاہور قومی کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ و چیف سلیکٹر مصباح الحق پریس کانفرنس کر رہے ہیں

اٹلی، ایک دن میں کورونا کے 11 ہزار سے زائد ریکارڈ کیسز رپورٹ

روم (این این آئی) اٹلی میں کورونا کے یومیہ کیسز کا نیا ریکارڈ قائم ہو گیا ہے اور ایک روز میں کورونا کے 11 ہزار سے زائد نئے کیسز سامنے آگئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اطالوی وزارت صحت نے بتایا کہ گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا کے 11 ہزار 705 نئے کیسز بقیہ نمبر 72 صفحہ 3 پر

شہید مراد کالونی کا ٹرانسفارمر چھ ماہ سے جلا ہوا ہے چندہ کر کے بنایا گیا دوبارہ جل گیا

اوستہ محمد (آن لائن) شہید مراد کالونی کا ٹرانسفارمر چھ ماہ سے جلا ہوا ہے چندہ کر کے بنایا گیا دوبارہ جل گیا کوئی توجہ نہیں دیتے محلہ مکین خواتین اور بچوں کا مطالبہ جلد ٹرانسفارمر بنایا جائے۔

وفاقی محتسب کا بروقت انصاف، سائل کی نوکری بحال

نادرا ملازم شک کی بنیاد پر گرفتاری اور اس کے بعد دو سال تک عدالت کے چکر کاٹتا رہا

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی محتسب کے اعلامیہ کے مطابق مسمی شمیم احمد نے وفاقی محتسب کو درخواست دی کہ وہ محکمہ نادرا میں بطور کمپیوٹر آپریٹر خدمات دے رہے تھے اس دوران قانون نافذ کرنے والے اداروں نے شک کی بنیاد پر ان کو گرفتار کر لیا اور وہ سال تک عدالت کے چکر کاٹتا رہا اسی اثناء میں محکمہ نادرا نے ان کو بوجہ غیر حاضری نوکری سے برخواست کر دیا بعد ازاں عدالت نے فدوی کو بری کر دیا جب درخواست گزار محکمہ پہنچا تو پتہ چلا کہ ان کو برخاست کر دیا گیا ہے اس پر بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

ماہ ربیع النور میں کیسکو بجلی کی لوڈشیڈنگ سے مکمل اجتناب کرے' علامہ داد محمد فریادی

محافل میلاد کے تمام پروگراموں کو فول پروف سیکیورٹی فراہم کی جائے' سربراہ اتحاد اہلسنت پاکستان

کوئٹہ (آن لائن) اتحاد اہلسنت پاکستان کے سربراہ علامہ داد محمد فریادی نے کوئٹہ میں علماء و مشائخ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اتحاد اہلسنت کے تحت صوبے بھر میں استقبال ماہ ربیع الاول کی محافل منعقد ہونگی عالم اسلام ربیع الاول کی آمد پر گھروں محلوں گلیوں دکانوں دفاتر کو برقی قمقموں اور سبز سبز پرچموں سے سجائیں صوبائی ضلعی حکومتیں میلاد ریلیوں کی بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

کراچی واقعہ اور کراچی کے تاریخی سازجلسے کے انعقاد سے عوام دشمن حکمرانوں سے بیزاری کا اعلان ہے، مولانا عبدالرحمن رفیق

دو جلسوں سے ٹانگیں کانپنے لگیں 24 اکتوبر کا کوئٹہ جلسہ جمہوری آواز بن کر تبدیلی کی راہ ہموار کرے گا

کوئٹہ (این این آئی) دو جلسوں سے ٹانگیں کانپنے لگیں 24 اکتوبر کا کوئٹہ جلسہ جمہوری آواز بن کر تبدیلی کی راہ ہموار کرے گا جمعیت علماء اسلام کے کارکن عوامی رابطہ مہم تیز کریں ان خیالات کا اظہار جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد جنرل سیکرٹری حاجی بشیر احمد کاکڑ ڈپٹی سیکرٹری جنرل حافظ مسعود احمد سیکرٹری اطلاعات عبدالحق شنبزئی سیکرٹری مالیات میر سرفراز شاہوانی سالار حافظ حبیب الرحمن ملاخیل بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

قلات میں گیس بند ہے سردی میں اضافہ ہو رہا ہے' میر مبارک خان محمد حسنی

قلات (پ۔ر) جمعیت علماء اسلام نظریاتی کے صوبائی ڈپٹی جنرل سیکرٹری میر مبارک خان محمد حسنی کو یونین قلات قاری رحمت اللہ نقشبندی نائب امیر مولانا عبدالرشید مینگل ڈپٹی جنرل سیکرٹری مولانا عبدالسلام بلنگ مولانا محمد قاسم شاہوانی مولانا خالقداد محمد حسنی و دیگر نے گیس متاثرین بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

امن و امان میں خلل ڈالنے والوں کو کسی بھی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا' سکندر سعید عمرانی

بحیثیت ایس ایچ او سٹی میری کارکردگی محکمہ اور عوام کے سامنے ہے

تمبو (آن لائن) سٹی پولیس ڈیرہ مراد جمالی کے ایس ایچ او سکندر سعید عمرانی نے کہا کہ امن و امان میں خلل ڈالنے والوں کو کسی بھی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف سٹی پولیس کی جانب سے سخت گھیراؤ کرنے پر ان کی پشت پناہی کرنے والے اب پولیس کی بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

طلباء تنظیموں کے اسٹڈی سرکل قومی فکر و شعور کے بنیاد ہے' بلوچ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن

ادارے میں تعلیمی سرگرمیاں یونیورسٹی انتظامیہ کے نااہلی کی وجہ سے تعطل کا شکار ہوتے ہے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے مرکزی ترجمان نے جاری کردہ بیان میں کہا ہے طلباء تنظیموں کے اسٹڈی سرکل قومی فکر و شعور کے بنیاد ہے یونیورسٹی انتظامیہ کے جانب سے طلبا کے شعوری سرگرمیوں پر قدغن کا نوٹیفکیشن ظلم و جبر اور قومی آواز کو خاموش کرانے بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

پھلوں صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو ایف سی کے سپاہی شہید نوید احمد کی قبر پر حاضری دے کر پھول چڑھا رہے ہیں

تحریک انصاف کے حکومت عوامی خدمات پر یقین رکھتا ہے' حاجی میر نثار احمد خان کھوسہ

تحریک انصاف کی حکومت پانچ سالہ مدت پورا کریگی' پی۔ڈی۔ایم بری طرح ناکام ہوگی

حیدرآباد (نامہ نگار) پاکستان تحریک انصاف کے صوبائی رہنما حلقہ پی پی 15 صحبت پور کے سابق تحصیل چیئرمین حاجی میر نثار احمد خان کھوسہ عوامی پریس کلب صحبت پور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ تحریک انصاف کی حکومت پانچ سالہ مدت پورا کریگی۔۔ پی۔ڈی۔ایم بری طرح ناکام ہوگی تحریک انصاف کے حکومت عوامی خدمات پر یقین رکھتا ہے انھوں نے مزید کہا کہ صحبت پور کے غریب عوام خود کو لاوارث نہ سمجھے ہم صحبت پور کے غریب عوام کے ساتھ ہیں اور ساتھ ہی رہیں گے صحبت پور بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

جو نااہل اور کٹھ پتلی وزیر اعظم کی تابوت میں آخری کیل ثابت ہوگی' ملک محمد ساسولی

عوام پی ڈی ایم کے کوئٹہ کی 25 اکتوبر کی جلسہ کو کامیاب بنانے میں اپنی پوری توانائی صرف کریں

توکنڈی (این این آئی) بی این پی کے مرکزی کمیٹی کے سابق ممبر انجینئر ملک محمد ساسولی نے کہا کہ کراچی میں پاکستان پیپلز پارٹی کی میزبانی میں پی ڈی ایم کے تاریخی جلسہ پر بلاول بھٹو زرداری سمیت پی ڈی ایم میں شامل تمام سیاسی جماعتوں کی سربراہوں کو مبارک باد پیش کرتا ہوں گوجرانوالہ کے تاریخی جلسہ کے بعد کراچی کی کامیاب جلسہ سے سلیکٹڈ کی چیخوں کی بنی گالہ کی دیواریں گواہی دیں گے۔

جھالاوان عوامی نیشنل اپنی عوام دوست اور جمہوری پالیسیوں کی وجہ سے مقبولیت کی منزلوں کو چھو رہی ہے' میر سعد اللہ کنگو

نااہل و سلیکٹڈ حکومت کی وجہ سے ملک شدید معاشی عدم استحکام کا شکار ہے' مولانا شاہ محمد صدیقی

اس کی سب سے بڑی وجہ شپہ مار مافیاں غیر سیاسی و غیر جمہوری قوتوں کا اقتدار پر براجمان ہونا ہے

لسبیلہ (این این آئی) پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ لسبیلہ کا اجلاس نیشنل پارٹی کے ضلعی سیکرٹریٹ حب میں نیشنل پارٹی کے ضلعی صدر عبدالغنی رند کی صدارت میں منعقد ہوا اجلاس میں بی این پی کے ضلعی سینئر نائب صدر جمیل بگٹی ضلعی رہنما انجینئر مینگل جمعیت علماء اسلام کے ضلعی جنرل سیکرٹری مولانا یعقوب ساسولی تحصیل حب کے صدر مولانا شاہ محمد صدیقی پاکستان پیپلز پارٹی کے ضلعی جنرل سیکرٹری محمد انور رند محمد ڈپٹی جنرل سیکرٹری عبدالرزاق لاسی عوامی نیشنل پارٹی کے ضلعی صدر عبدالمنان افغان بقیہ نمبر 63 صفحہ 3 پر

تاحال مذکورہ علاقوں کے سیلاب متاثرین امداد کے منتظر کسمپرسی کی زندگی گزار رہے ہیں' مولانا شاہد محمود

جھل مگسی (نمائندہ خصوصی) گنداوہ میں جمعیت علماء اسلام جھل مگسی کا اہم اجلاس جمعیت علماء اسلام جھل مگسی عمومی شوریٰ و سنیئر اراکین کا اہم اجلاس زیر صدارت ضلعی امیر مولانا شاہد محمود کے جامع مسجد اڈہ والی گنداوہ میں ہوا اجلاس میں 25 اکتوبر کو کوئٹہ میں ہونے والے پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کے جلسے میں بھرپور شرکت کرنے کا فیصلہ کیا گیا کہ گنداوہ سے گاڑیوں کا قافلہ ضلعی امیر مولانا شاہد محمود کی قیادت میں روانہ ہوگا اجلاس بقیہ نمبر 66 صفحہ 3 پر

اسکول کرونا فیس، مصنوعی مہنگائی، اے سی آفیس کی لوٹ مار اور منشیات کے خلاف ایک احتجاجی ریلی نکالی گئی

خضدار (نامہ نگار) پاکستان ورکرز کنفیڈریشن و متحدہ لیبر فیڈریشن خضدار زون کے زیر قیادت آج اسکول کرونا فیس، مصنوعی مہنگائی، اے سی آفیس کی لوٹ مار اور منشیات کے خلاف ایک احتجاجی ریلی نکالی گئی ریلی میونسپل کارپوریشن بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر

25 اکتوبر سلیکٹڈ حکومت کیلئے ایک ریفرینڈم ہوگا' میر قادر بخش مینگل

مستگنگ (نامہ نگار) تحصیل مستگنگ میں بلوچستان ڈیموکریٹک موومنٹ کے زیر اہتمام 25 اکتوبر کے جلسہ عام کے سلسلے میں بلوچستان نیشنل پارٹی تحصیل مستگنگ کے میزبانی میں ایک کارنر میٹنگ اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں بلوچستان ڈیموکریٹک موومنٹ میں شامل تمام جماعتوں کے بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

18 اکتوبر 2007 سانحہ کارساز کے شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، بلال صادق عمرانی

پیپلز پارٹی کے کارکنوں نے ہمیشہ جمہوریت آئین کی بالادستی پارلیمان اور بنیادی حقوق کے لیے شہادتیں دیں ہیں

ملک میں آئین کے تحفظ کیلئے میدان جنگ میں نکلیں ہیں' یو آئی

موجودہ حکومت عوام کے ووٹوں سے برسر اقتدار نہیں آئی بلکہ اسے ہم پر کٹھ اور مسلط کیا گیا

ملک میں یہودی لابی ختم نبوت کے قانون کو چھیڑنے سے باز آجائیں ہم انکاؤنٹ کر مقابلہ کریں گے، مولانا صلاح الدین ایوبی

لورالائی (این این آئی) یو آئی لورالائی کے زیر اہتمام ختم نبوت ریلی اور جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے یو آئی کے صوبائی سیکرٹری مالیات رکن قومی اسمبلی مولانا صلاح الدین ایوبی صوبائی سالار حامی رحمت اللہ صوبائی سرپرست ضلعی امیر و سابق صوبائی وزیر مولانا فیض اللہ جنرل سیکرٹری عطاء اللہ کاکڑ ضلعی سالار مولوی عبداللہ جان صافی سابق وفاقی وزیر مولانا امیر زمان و دیگر بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

مسلح افواج کے قافلوں پر ہونے والی دہشتگردانہ واقعات کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں' میر عبدالمالک لانگو

بزدلانہ حملے میں فوجی جوانوں اور سیکورٹی اہلکاروں کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہیں

مستگنگ (نامہ نگار) مکران کوسٹل ہائی وے اور مازہ کے قریب اوچ ڈی ایچ کیو ہسپتال کے سیکورٹی فورسز اور وزیرستان میں مسلح افواج کے قافلوں پر ہونے والی دہشتگردانہ واقعات کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں اور بزدلانہ حملے میں فوجی جوانوں اور سیکورٹی اہلکاروں کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہیں ان خیالات کا اظہار پی اے کے رہنماؤں میر عبدالمالک لانگو، ماما خان محمد نیچاری خالق آبادی، ڈاکٹر ذوالفقار علی نیچاری، ترجمان پی اے پی عنایت اللہ بابر، محمد علی لانگو، ضمیر نیچاری، عبدالقدیر نیچاری، سیف اللہ لہڑی نے اپنے مشترکہ بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ مکران کوسٹل ہائی وے اور بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر

باگڑی قبیلہ ملک کے شہری اور اور زرعی پیداوار میں خود کفیل ہے' محمد اکرم عمرانی

محنتی اور جفاکش قبیلے کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا انکے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) سماجی تنظیم سحر آرٹس فار پیس ایجوکیشن ڈیرہ اللہ یار کے صدر محمد اکرم عمرانی نے کہا ہے کہ باگڑی قبیلہ ملک کے شہری اور اور زرعی پیداوار میں خود کفیل ہے باگڑی قبیلے کو معاشرے میں دیگر قبائل کی طرح بنیادی حقوق دلوانے کے لیے ہر ممکن اقدامات اٹھا رہے ہیں محنتی اور جفاکش قبیلے کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا انکے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں انہوں نے کہا کہ ڈیرہ اللہ یار میں آباد باگڑی قبیلے کے افراد کی آبادی اور انکو درپیش مسائل کے حل کے لیے سروے کیا گیا اور جامع منصوبہ بندی کے تحت انکے بنیادی حقوق کے حوالے سے بھی جلد حتمی رپورٹ مرتب کر بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر

وزیر اعلیٰ بلوچستان کے پرنسپل سیکرٹری زاہد سلیم وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ کے افسران کے کوارڈینیشن اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ڈیم کی تعمیر میں پہاڑی پتھر اور مٹی کا بے دریغ استعمال ہو رہا ہے' پشتونخوا ملی عوامی پارٹی

برہان (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع برہان کے ضلعی پریس ریلیز میں دام تنگی اختری ڈیم کی غیر معیاری مٹیریل سے تعمیر پر سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا بقیہ نمبر 68 صفحہ 3 پر

ہم عوام کے مسائل کا خاتمہ اپنا فرض سمجھتے ہیں' قائم خان لاشاری

حکومت محکمہ تعلیم اور صحت سمیت دیگر اہم شعبوں میں بہتری کے لئے جنگی بنیادوں پر اقدامات کر رہی ہے

پشین (غ ن) ڈپٹی کمشنر قائم خان لاشاری نے کہا ہے کہ ہم عوام کے مسائل کا خاتمہ اپنا فرض سمجھتے ہیں۔ سماج دشمن عناصر کے خلاف جنگ جاری رہے گی۔ حکومت محکمہ تعلیم اور صحت سمیت دیگر اہم شعبوں میں بہتری کے لئے جنگی بنیادوں پر اقدامات کر رہی ہے۔ عوام انتظامیہ کا ساتھ بقیہ نمبر 69 صفحہ 3 پر

قبائلی نظام ایک منظم اور مضبوط نظام ہے' سردار موسیٰ خان ریکی

اس نظام کے تحت لوگوں کے مسائل فوری طور پر حل کرنے میں مدد ملتا ہے

سوراب (آن لائن) چیف آف ریکی قبائلی الحاج سردار موسیٰ خان ریکی نے کہا ہے کہ قبائلی نظام ایک منظم اور مضبوط نظام ہے اس نظام کے تحت لوگوں کے مسائل فوری طور پر حل کرنے میں مدد ملتا ہے دستار کپڑے کا ٹکڑا نہیں بلکہ ایک بہت بڑی ذمہ داری ہے اس ذمہ داری کو پورا کرنے والے ہی نام کماتے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے ریکی سرخ میں ریکی قبیلہ کے طائفہ رحمن زئی کے نکری شمس الحق بقیہ نمبر 67 صفحہ 3 پر

25 اکتوبر کو کوئٹہ میں پی ڈی ایم کا کامیاب جلسہ ہوگا' بلوچ

پی ڈی ایم کے جلسوں سے خوفزدہ و وفاقی حکومت اوچھے ہتھکنڈوں پر اتر آئی ہے

مسلم لیگ (ن) بلوچستان کیپٹن (ر) صفدر کی گرفتاری کی بھرپور انداز میں مذمت کرتی ہے، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی صدر لیفٹیننٹ جنرل (ر) عبدالقادر بلوچ صوبائی جنرل سیکرٹری جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم کے جلسوں سے خوفزدہ و وفاقی حکومت اوچھے ہتھکنڈوں پر اتر آئی ہے مسلم لیگ (ن) بلوچستان کیپٹن (ر) صفدر کی گرفتاری کی بھرپور انداز میں مذمت کرتی ہے، 25 اکتوبر کو کوئٹہ میں ہونے والے جلسے کو ناکام بنانے کے لئے حکومت اپنے تمام حربے آزماری ہے کارکن ہر رکاوٹ بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

کوئٹہ پارلیمانی سیکرٹری صحت ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی کوئٹہ ائیر پورٹ پر بے بی فیڈ کارنر اینڈ نرسنگ روم کا افتتاح کر رہی ہیں

سوئی سدرن گیس حکام صارفین کا جینا دوبھر کر دیا' حاجی شیر محمد خلجی

گیس حکام بلاتعطل گیس فراہم کرنے میں مکمل طور پر ناکام ہو چکا ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے فاروقی یونٹ اکھلی روڈ کے نائب امیر قبائلی رہنما حاجی شیر محمد خلجی نے کہا کہ سوئی سدرن گیس حکام صارفین کا جینا دوبھر کر دیا دن بھر طویل غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ جاری ہے گیس حکام بلاتعطل گیس فراہم کرنے میں مکمل طور پر ناکام ہو چکا ہے غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے پشتون باغ حلقہ 53 کوئٹہ کے عوام نقل مکانی پر مجبور کیا ہے گیس حکام بقیہ نمبر 70 صفحہ 3 پر

بلوچوں کے ساتھ امتیازی سلوک روز اول سے ہے' پرنس محی الدین بلوچ

حکمرانوں یہ وطیرہ رہا ہے کہ بلوچوں کو دبا اور مال لوٹو بلوچستان میں بجلی گیس ٹیلی فون ضیاء الحق کیمرشل لا میں فراہم کی گئی

مستگنگ (آن لائن) بلوچ رابطہ اتحاد تحریک (برات) کے مرکزی سربراہ اور سابق وفاقی وزیر پرنس محی الدین بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچوں کے ساتھ امتیازی سلوک روز اول سے ہے حکمرانوں یہ وطیرہ رہا ہے کہ بلوچوں کو دبا اور مال لوٹو بلوچستان میں بجلی گیس ٹیلی فون ضیاء الحق کیمرشل لا میں فراہم کی گئی بلوچ سیاسی پارٹیاں قبائلی خاندان، نوجوان تنظیمیں اور سوشل ورکر ایک پلیٹ فارم پر متحد ہو کر بلوچوں بقیہ نمبر 71 صفحہ 3 پر

قائداعظم جیسی ہستی کے مزار پر سیاسی بلڑ بازی پر قوم دل گرفتہ ہے' مسرت جمشید چیمہ

انتہائی قابل شرم حرکت پر کیپٹن (ر) صفدر کی گرفتاری کو سیاسی رنگ دیا جا رہا ہے' چیئرپرسن قائم کمیٹی داخلہ

لاہور (این این آئی) چیئرپرسن قائمہ کمیٹی داخلہ و ممبر گڈ گورننس کمیٹی مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ کیپٹن (ر) صفدر کا اپنی سیاست کیلئے مزار قائد کا تقدس پامال کرنا قابل مذمت ہے، قائداعظم محمد علی جناح جیسی عظیم ہستی کے مزار پر سیاسی بلڑ بازی پر قوم دل گرفتہ ہے۔ اپنے ویڈیو بیان میں انہوں نے کہا کہ قائداعظم محمد علی جناح اس دھرتی پر بسنے والے تمام پاکستانیوں کے قائد ہیں، کیپٹن بقیہ